نتائج کے لحاظ سے مفید ثابت ہوئیں لبیک کہا اور ان کے ساتھ تعاون کیا۔ سیاست انکی خدمات کشمیر کو استحسان کی نظر سے دیکھتا ہے۔ اور انکی محنت و عرق ریزی کا شکریہ ادا کرتا ہے۔ مولوی ظفر علی صاحب نے حال ہی میں تحریک قادیان کے خلاف جو ہنگامہ برپا کیا سیاست اس سے علیحدہ رہا۔ اسلئے کہ سیاست مولوی صاحب کے اس فعل کو خلوص نیت پر مبنی نہیں سمجھتا۔ ورنہ موجودہ زمانہ کو ایسی ہنگامہ خیزی کیلئے مفید جانتا ہے۔ تاہم ارادہ یہ تھا کہ جوں ہی مولوی ظفر علی صاحب کا پیدا کردہ ہنگامہ فرو ہو جائے تحریک قادیان کے متعلق گالی گلوچ سے بالکل مبرا چند ایسے مضامین سپرد قلم کئے جائیں جو کسی اصول پر مبنی ہوں اور برادران قادیان کو موقعہ دیا جائے کہ وہ ان کا جواب دیں تاکہ ان پر ان کی غلط روی اور دنیا پر ان کی تحریک کی حقیقت ظاہر ہو جائے۔ مگر افسوس ہے۔ کہ اس طے شدہ حکمت عملی کے خلاف ۲۱ اپریل کے سیاست میں مدیر مراسلات کی غلط فہمی کے باعث ایک مضمون شائع ہو گیا جس میں تحریک قادیان اور اس کے لاہوری حصہ کو برا بھلا تو کہا گیا۔ لیکن کوئی دلیل پیش نہ کیگئی۔ نیز بحث جو کچھ بھی تھی تشنۂ تکمیل رہی لہذا بالغرض اطلاع ناظرین کرام قلمی ہے کہ وہ اس مضمون کو خارج از بحث سمجھیں۔ میں خود چند روز میں تحریک قادیان کے متعلق ایک متین و سنجیدہ بحث شروع کرنیوالا ہوں۔ جو بفضلہ تعالےٰ ملت کے لئے مفید ثابت ہوگی۔ اور انشاءاللہ تعالیٰ فیصلہ کن ہوگی۔ وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہ

حبیب

میں اس تحریر پر کسی اضافہ کی ضرورت نہیں سمجھتا۔

(مصنف)

Marfat.com

# نقد و تبصرہ

ہر کتاب کی اشاعت کے نقادان فن اس کے حسن و قبح پر نظر ڈالتے اور اپنی رائے کا اظہار کرتے ہیں۔ اس کو ریویو یا تنقید کہتے ہیں۔ یہ کتاب سیاست میں بالاقساط شائع ہوئی۔ لہذا علمائے کرام و زعمائے ملت کو بتدریج اس کا مطالعہ کر کے اس پر رائے زنی کرنے کا موقعہ ملا۔ یہ آراء ذیل میں درج کی جاتی ہیں ملاحظہ فرمائیے۔ اور اگر ان سے اتفاق ہو تو خاکسار مصنف کے لئے دعائے خیر کیجئے۔ ورنہ عیوب و نقائص سے مطلع فرما کر مرہون منت فرمائیے۔

حبیب

## عُلماء و زعماء کی آراء

### حضرت مولانا محمد کرم الدین صاحب رئیس بھین ضلع جہلم

مکرمی جناب شاہ صاحب مدظلہ السلام علیکم۔ تحریک قادیان کا سارا مضمون میں نے بغور پڑھا۔ بڑا لطف آیا۔ آپ کی محنت و تحقیق قابل داد ہے۔ مضمون نہایت قیمتی ہے۔ اور متلاشیٔ حق مسلمان کے لئے تسلی بخش ذخیرہ ہے۔ کاش یہ سارے پرچے کسی طرح مجھے مل سکتے۔ میرے خیال میں مضمون ختم ہونے کے بعد اس کو کتاب کی صورت میں کسی اچھے کاغذ پر طبع کرایا جائے تو بہت بڑا فائدہ عامۃ المسلمین کو اس سے پہنچے گا۔

### جناب سائیں جلال الدین صاحب۔ لاہور

السلام علیکم۔ مزاج شریف تحریک قادیان کے متعلق جو مضامین آپ اپنے روزنامہ میں لکھ رہے ہیں۔ وہ عامۃ المسلمین کے لئے نہایت مفید ہیں۔ جس پیرایہ میں آپ مرزائی فرقہ کے عقائد

Marfat.com

کی قلعی کھول رہے ہیں ۔ وہ آپ ہی کا کام ہے جہانتک مجھے علم ہے۔عوام الناس آپ کی اس خدمت کے معترف ہیں ۔میری رائے ہے کہ یہ تمام مضامین بالآخر بصورت کتاب شائع ہونے کے قابل ہیں خدا آپ کو اجر عظیم دے گا ۔

## حضرت کشفی شاہ نظامی ۔ رنگون

مکرمی جناب سید صاحب زاد لطفہ' السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ' ۔آپ نے جو سلسلہ قادیانی تحریک کے بارے میں شروع کیا ہے۔اس پر مبارکباد دیتا ہوں ۔امید ہے کہ اگر قادیانی جماعت کو خدا اور رسول حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور اسلام سے محبت ہو گی ۔ تو وہ مرزا غلام احمد کے تمام باطل دعادی سے دست بردار ہو جائیں گے ۔کیونکہ جو آدمی قانون کو توڑتا ہے ۔وہ باغی ہوتا ہے ۔ مرزا غلام احمد نے یا اُن کی جماعت نے اسلام کے قانون کو توڑا ہے ۔ یہ سب اسلام کے باغی ہیں ۔

## قاضی حبیب اللہ صاحب منشی فاضل از ڈھوک چھل ڈاک خانہ روات ضلع راولپنڈی

میرے محترم کرمفرما مخدوم ملت جناب شاہ صاحب اسلام علیکم ۔آپ نے جس کوشش و سعی سے مسلمانوں کے لئے " تحریک قادیان " کے عنوانات سے معلومات کے جواہرات یکجا کئے ہیں ۔ان کو صرف اخباری صفحات تک محدود نہ رکھیں ۔تاکہ ایسا نہ ہو کہ یہ پرچہ ضائع ہو جانے سے وہ بھی ضائع ہو جائیں ۔بلکہ ان کو باحتیاط کتابی صورت میں محفوظ فرمائیں ۔تاکہ آئندہ مسلمانوں کے کام آئیں ۔تاکید سمجھیں ۔علماء کی اکثر کتابیں اس بارہ میں عوام کے لئے اسواسطے بھی زیادہ مفید نہیں ہوتیں کہ ان میں اعلیٰ علوم کو بھی دخل ہوتا ہے جس سے عوام محروم ہوتے ہیں ۔شاہ صاحب آپ نے کلمہ الناس علیٰ قدر عقولھم پر عمل کرتے ہوئے یہ مضمون عام فہم لکھا ہے ۔ جزاک اللہ ۔

Marfat.com

## سید جعفر احمد صاحب محلہ سید گل باز شاہ جی پشاور شہر

میں جناب کے جریدہ شریفہ سیاست کا عرصہ سے مطالعہ کر رہا ہوں ۔ اس کی قابل ستائش پالیسی اور قابل قدر خدمات کا مداح ہوں ۔ فتنہ قادیانیت کے تعلق میں جو سلسلہ مضامین جناب کے قلم سے جاری ہے ۔ وہ ہر جگہ اشتیاق اور پسندیدہ نگاہوں سے دیکھا جا رہا ہے ۔ اور پسند خاص و عام ہے ۔ آپ جیسی بزرگ ہستی کی خدمت میں التماس کرنا درحقیقت چھوٹا منہ اور بڑی بات ہے ۔ یا بالفاظ دیگر لقمان کو حکمت سکھانا ہے ۔ لیکن پھر بھی آپ کے اخلاق سے ناجائز فائدہ اٹھا کر ایک مفید عام تجویز پیش کرتا ہوں اور وہ یہ ہے ۔ کہ اس سلسلہ مضمون کو یکجا جمع کر کے کتابی صورت میں شائع کیا جائے ۔ جو گم کردہ راہ لوگوں کو شمع ہدایت کا کام اور مناظرہ کرنے والوں کو ایک زبردست ہتھیار کا کام دے گا ۔ انشاءاللہ ہر مسلمان اس دُرِ بے بہا کو ہاتھوں ہاتھ خرید ے گا ۔ اس کے علاوہ خدا کے ہاں سے بھی آپ کو اجر ملے گا ۔

(۷)

## حضرت مولانا مرزا محمد قطب الدین احمد بیگ صاحب وکیل و رئیس و جاگیردار ایڈیٹر رہنما راولپنڈی شہر

مکرم و معظم بندہ جناب سید صاحب ۔ السلام علیکم ۔ بندہ نے جناب کے سلسلہ مضامین تحریک قادیان کی تمام اقساط کا بڑے غور و تعمق سے مطالعہ کیا ۔ واقعی جناب نے جس طرح آسان ترین و عام فہم طریق سے اس اہم ترین مسئلہ پر استدلال کیا جس طرح آپ نے مرزا صاحب کے اپنے اقوال سے ان کے تریباً تریباً جملہ اہم ترین دعاوی کی تکذیب کر کے شرعی طور سے ثابت کر دکھایا کہ شان نبوت تو کجا ایک معمولی اولوالعزم انسان سے بھی ایسی حرکات قولاً و فعلاً سرزد نہیں ہو سکتیں جو مرزا صاحب سے اپنی مزعومہ نبوت کے دور میں اس کثرت و تواتر سے ہوئیں ۔ جو حد و عد سے باہر ہیں سب دافعتہً عدیم النظیر و بیمثال ہے سب سے زیادہ قابل تعریف آپ کا ایسے الجھاؤ کی بحث میں جادۂ اخلاق و تہذیب پر باستقلال تمام گامزن رہنا ہے ۔ میری رائے ہے کہ اس سلسلہ مضامین کو نہ صرف کتابی صورت

Marfat.com

ہی میں شائع کیا جائے۔بلکہ انگریزی خوان نوجوانوں کو جو اکثر مرزائیت کا شکار ہوتے ہیں۔ بدراہی سے بچانے کے لئے اس کا ترجمہ انگریزی میں بھی شائع کیا جائے۔اور اردو اور انگریزی ہر دو کتابوں کو مفت تقسیم کیا جائے۔ انگریزی ترجمہ شائع کرانے اور تقسیم کرانے کا فرض بندہ اپنے ذمہ لیتا ہے۔ امید کہ جناب اس چشمۂ فیض کو جاری و ساری رکھیں گے۔ تاکہ تشنہ کامان حقیقت اس سے تا دیر سیراب ہوتے رہیں۔ ——— (۴) ———

## منشی دین محمد صاحب یکی گیٹ ۔ لاہور

فدائے ملت سید صاحب۔ السلام علیکم۔ تحریک قادیان کا سلسلہ ایسا نہیں کہ اس میں کسی بھی دن رکاوٹ ڈالی جائے۔ صبح جب الہلال کی سرخی پر نظر پڑتی ہے۔ تو طبیعت بے قرار ہو جاتی ہے۔ سلسلۂ مضامین تحریک قادیان جس طرح عام فہم اور سلیس عبارت میں نکل رہا ہے۔ وہ آپ کا ہی حصہ ہے۔ واللہ آپ تو چھپے رستم نکلے۔ کتابی صورت میں اس کا شائع کرنا ازبس ضروری ہے اللہ آپ کو جزائے خیر دے۔ کاش مولانا ظفر علی خاں صاحب ایسے ویسے مضامین تحریر کرنے کے بجائے ایسے انمول موتیوں کا سلسلہ شروع کرتے۔ مولانا سید صاحب یہ سلسلۂ مضامین شروع کرکے سچ مچ آپ نے بہت بڑا عظیم الشان کارنامہ سرانجام دیا۔ اسی پر ہر چہار طرف سے واہ واہ ہو رہی ہے۔ (۵)

## جناب حضرت مولانا احمد حسن صاحب انصاری خطیب جامع مسجد شملہ

مرزائیوں کے متعلق جو قسطیں آپ شائع فرما رہے ہیں۔ بیحد سبق آموز و حقیقت افروز ہیں آپ براہ کرام انہیں بعد اختتام مستقل رسالہ کی صورت میں شائع فرمائیں۔ تاکہ عامتہ المسلمین کے لئے فوائد و منافع بے اندازہ کا موجب ہو۔ (۶)

## حضرت مولانا محمد عمر صاحب نعمانی شملہ

سلسلہ مضامین ہذا ایک غیر متناہی صورت اختیار کرتا چلا جا رہا ہے۔ اور جوں جوں مضمون نگار کا شبدیز قلم میدان قادیانیت میں طرارے بھر رہا ہے۔ مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کے متضاد و متباین تخیلات عالم آشکارا ہو رہے ہیں۔

Marfat.com

جس خاردار اور دشوار گذار وادی میں فاضل مضمون نگار نے قدم رکھا ہے۔ اس کی آبلہ پائی کچھ اسی قبیل کے رہروؤں سے پوچھا چاہئے۔ سچائی کے اظہار کی تلخ کامی تو قدیم الایام سے ہی شرمندہ معنی نہ تھی۔ لیکن اس وقت ہر ایک سچا اور راست باز شخص انقلاب زمانہ سے ہر طرح مورد صد ہزار آفات ہے۔ ابن الوقتی۔ چاپلوسی۔ فریب و دجل۔ کذب و زور۔ فسق و فجور چشمک برق و تبسم شرار کے مانند بادی النظر میں درخشاں و تابناک نظر آتے ہیں۔ لیکن بالآخر صداقت ہی کا بول بالا ہوتا ہے۔ اور کھوٹے کھرے کا سودا چلن پر کھل جاتا ہے۔ یہ حقیقت ہے کہ صداقت شعاری انہی مردان حق کا شیوہ ہے۔ جو بلا لومتہ لائم کو وقاری سے اپنی جگہ پر قائم رہیں۔ اور زمانے کی تمام آفات و بلیات کو اپنے سر لیں۔ حتیٰ کہ اس بادیہ پیمائی میں جان شیریں بھی جہان آفریں کو تفویض کرنے سے دریغ نہ کریں۔ بقول شخصے۔ ؎

حق گویم و حق دانم و در راہ انا الحق ؎ منصور صفت سر بہ سر دار فروشم

سلسلہ مضامین تحریک قادیان اب اس دور سے گذر رہا ہے۔ جس کیلئے تہدیدی ڈانٹ ڈپٹ لزوم مالا یلزم کا حکم رکھتی ہے۔ پس آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا؟ ممکن ہے کوئی قادیانی بزرگ اٹھیں اور مناظرہ و مباہلہ ہی کی دعوت دینے لگیں۔ ڈھول دھپہ اور ہاتھا پائی تک جو اس صدی کے مہذب مسلمانوں کا شعار ہو گیا ہے نوبت پہنچے۔ جوابی مضامین کی طباعت کی تو کوئی شکایت ہی نہیں لیکن اگر ایسا ظہور میں آیا۔ تو ان تمام کارفرمائیوں کے جواب میں محض اتنا عرض کریں گے کہ ؎

طفلان شہر بے خبر انداز جنون ما ؎ یا ایں جنون ہنوز سزاوار سنگ نیست

سچائی کی تلخ کامی کا حال شبیرؑ سے دریافت کرو۔ سقراط سے پوچھو۔ منصور حلاج و سرمد کی زبانی سنو اور اسی قسم کے صدہا عاشقان پاک طینت سے معلوم کرو۔ جنہوں نے اعلائے کلمتہ الحق کے لئے ہیں کٹریاں سہیں۔ خون کی ہولی کھیلی۔ اور آخر کار جادہ صداقت پر بکمال طمانیت خاطر قربان ہوگئے رحمہم اللہ علیہم اجمعین۔

برسبیل تذکرہ یہاں یہ عرض کر دینا بھی ضروری ہے۔ کہ بنی نوع انسان کی تقسیم کے تجربات

Marfat.com

ہیں۔ ایک اعلیٰ۔ دوسرا متوسط اور تیسرا ادنےٰ۔ قرآن الحکیم کی بلاغت ملاحظہ ہو کہ ان تینوں مراتب کے افراد سے مخاطبت کے وقت کس بلند پایہ اور حکمت آمیز تعلیم کی تلقین فرمائی چنانچہ ارشاد ہوتا ہے۔ ادع الی سبیل ربك بالحکمته والموعظته الحسنته وجادلهم بالتی هی احسن۔ یعنی درجہ اول سے حکمت سے۔ درجہ ثانی سے موعظت حسنہ سے اور درجہ ثالث یعنی عوام سے اس مجادلہ سے جو سب سے بہتر ہو پیش آنا ضروری و ناگزیر ہے۔ ورنہ قرآن مجید کی حکمت بالغہ کا منشا و مقصود فوت ہو جاتا ہے۔ مقام ابتہاج ہے کہ تحریک قادیان کے معرکتہ الآراء مضمون میں یہ امر خاص طور پر ملحوظ رکھا گیا ہے۔ اور اتنے کٹھن راستے سے گزرتے وقت فاضل مضمون نگار نے اپنے ہیرو کو زیر مشق تکفیر ہونے سے بچالیا ع

عمرش دراز باد کہ ایں ہم غنیمت است

ورنہ عام طور پر یدخلون فی دین اللہ افواجا کی بشارت سننے والوں نے یخرجون من دین اللہ افواجا کا قاعدہ مقرر کرلیا ہے۔ اور طرہ بریں یہ کہ اس پر ناز ہے۔ افسوس ع

کافر تو بنا دیا سبھی کو۔ سومن نہ بنا سکے کسی کو

ہاں بخیالے کہ ع عیب مے جملہ بگفتی ہنرش نیز بگو۔ یہاں اس قدر عرض کر دینا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ جو کام کافرگروں کے کرنے کا تھا۔ وہ اگر نقل کفر کفر نباشد کا کلیہ اجازت دے۔ تو یہی کفار قادیان و لاہور ہی کر رہے ہیں۔ ہمارے رہنما و پیشوا جبہ و عمامہ میں مزین ہیں۔ ابھی اس بحث کے ہی چکر سے نہیں نکلے۔ کہ مولوی کون ہے؟ شعار اسلام کیا ہیں؟ پاجامہ کی طوالت کتنی ہو؟ پتلون سے مسلمانی نہ دب جائے۔ ڈاڑھی کا حجم کس قدر ہو؟ انگریزی تعلیم جائز ہے یا ناجائز؟ سود حرام ہے یا حلال؟ افسوس ؎

یاران تیز گام نے محمل کو جالیا ✤ ہم محو نالۂ جرس کارواں رہے

ہاں جس چیز سے اپنی جیب پر زد پڑتی ہو۔ اس کے جواز میں کوئی پس و پیش نہیں ہوتا۔ امامت۔ اذان اور قرآنی تعلیم کا معاوضہ کبھی حرام اور قطعاً حرام تھا۔ لیکن انقلاب زمانہ کے

Marfat.com

کارن آج یہ سب کچھ شیر مادر بنا ہوا ہے۔ اور ذاتی مفاد و تفوق کے مناظر ہمہ وقت پیش نظر رہتے ہیں۔

خانہ شرع خراب است کہ یاران بہ کار ✦ در عمارت گری گنبد دستار خود اند

## خانصاحب قاضی نذیر احمدؒ صاحب ایڈووکیٹ راولپنڈی

میرا ناچیز خیال یہ ہے۔ کہ جس بات کو میں نے آپ کے سلسلہ مضامین میں نہایت ہی پسند کیا اور اس کی تقلید کی۔ وہ یہ ہے کہ آپ نے جو سلسلہ مرزائی عقائد کی نسبت لکھا ہے۔ اس میں ہر بات کا موازنہ علم کے ساتھ مگر حلم کے ساتھ کیا ہے۔ اعتراضات وزنی ہیں۔ لیکن شریفانہ۔ باطل کی پردہ دری پورے زور کے ساتھ کی ہے۔ لیکن دل آزاری سے گریز کیا ہے۔ آپ کی یہ ادا مجھے واقعی دل سے پسند آئی۔ اور جو کچھ زمیندار والوں کے خلاف میں پہلے دیکھ چکا ہوں۔ اس کے روبرو مجھے حیرانی تھی۔ کہ آیا یہ ایک ہی قلم تھا جس نے یہ بھی اور وہ بھی تحریر کیا۔

## اسلامیان زراعتی کالج لائلپور

قبلہ شاہ صاحب دام فیوضکم۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ بعدہٗ عرض ہے۔ کہ تحریک قادیان پر آج تک جتنی اقساط شائع ہوئی ہیں۔ شروع سے اخیر تک مطالعہ سے گذریں حقیقت یہ ہے کہ جب سے یہ اقساط شائع ہو رہی ہیں۔ عالم اسلام میں ایک تہلکہ مچ گیا ہے یہ مضامین قصر قادیان کی بنیادیں ہلانے والی ہیں۔ ہم لوگ سراپا ان جواہر پاروں کیلئے انتظار بن کر سیاست کے ایجنٹ کی راہ تکتے رہتے ہیں۔ جونہی وہ سائیکل سوار جسکی آمد ہمیں روزہ دار کی طرح جس کو افق مغرب میں گم ہونے والا آفتاب سراپا انتظار بنا سے رکھتا ہے نمودار ہوتا ہے۔ ہم کہہ نہیں سکتے۔ کہ ہماری خوشی کا کیا عالم ہوتا ہے۔ ان مضامین حقیقت آگین کو پڑھ کر بے اختیار دل سے نکلتا ہے۔ کہ خدا جانے اس کے مطالعہ سے کتنے مسلمان ہوں گے اور ہر

Marfat.com

وہ شخص جو مسلمان ہوگا دعا دے گا۔ کہ اے حبیب اس کا اجر نیک اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کی ذات پاک آپ کو عطا فرمائے اور جنت میں جگہ دے۔

## علمائے کشمیر کا مکتوب

اللہ جل شانہٗ کا ارشاد ہے۔ ادع الیٰ سبیل ربک بالحکمتہ والموعظتہ الحسنتہ وجادلھم بالتی ھی احسن ان ربک ھواعلم بمن ضل من سبیلہ وھواعلم بالمھتدین ۔ درحقیقت جناب فدائے ملت حضرت قبلہ مولانا سید حبیب شاہ صاحب مالک جریدہ سیاست نے اس فرمان خداوندی کے مطابق نہایت سنجیدگی و متانت اور طریق مستحسن کے ساتھ لاہوری اور قادیانی حضرات کو مرزا صاحب کے وہ الہامات اور اقوال پیش کر کے دکھائے ہیں۔ کہ جناب مرزا صاحب اپنے بیان کردہ اقوال کے مطابق نہ نبی بن سکتے ہیں اور نہ مجدد وغیرہ۔ ہم جناب شاہ صاحب کے اس مستحسن اقدام عمل کے بیحد متشکر و ممنون ہیں۔ جو کہ جناب موصوف نے اس معاملہ میں مندرجہ بالا فرمان ایزدی کے مطابق اختیار کیا ہے۔ کاش کہ مولوی ظفر علی خاں صاحب بھی اس فرمان ربی کے مطابق عمل کرتے تاکہ ان کو آج اس مصیبت سے دوچار نہ ہونا پڑتا۔ اور نہ ان کی تحریک جو کہ انہوں نے حضرت قادیان کے خلاف شروع کی تھی زمین میں دفن ہوتے ہوتے ناکامیاب ہوجاتی۔ چونکہ ان کی تحریک بظاہر اس آیتہ کریمہ کے خلاف تھی۔ اس واسطے کامیاب نہ ہوسکی۔ ہم دوبارہ بلکہ سہ بارہ جناب قبلہ شاہ صاحب کی خدمت میں اس خدمت دینی کے عوض ہدیۂ تبریک و تشکر پیش کرتے ہیں۔ اور امید رکھتے ہیں کہ وہ اس مذہبی تحریک میں اور زیادہ دلچسپی سے حصہ لینگے۔ اور مسلمانان عالم کو جناب مرزا صاحب کے مزید اقوال و الہامات باطلہ سے آگاہ کرینگے۔ مولوی ظفر علی خانصاحب سے بھی امید ہے۔ کہ وہ بھی بصورت اجرائے زمیندار اس معاملہ میں اس فرمان خداوندی کے مطابق جناب فدائے ملت حضرت مولانا سید حبیب شاہ صاحب کی تقلید کریں گے۔ اللہ تعالیٰ حضرت موصوف کو بلیات دہر سے

محفوظ رکھے۔ آمین ثم آمین۔ آخر میں جناب موصوف کی خدمت میں التماس ہے۔کہ وہ ان اقساط کو کتابی صورت میں جمع فرما کر شائع فرمائیں۔

## خواجہ عبدالغفور صاحب کابلی پشاور شہر

مخدوم ومحسن جناب قبلہ سید صاحب آداب و نیاز۔عرض آنکہ ابتدا میں مرزا غلام احمد صاحب قادیانی نے نبوت کا دعوےٰ نہیں کیا تھا۔میں ان دنوں مولوی غلام حسن خاں احمدی کے ساتھ جو اس وقت صدر پشاور کمیٹی ہیں مرزا صاحب کے سلام کو قادیان گیا تھا۔اس کے بعد آپ نے نبوت کا دعویٰ کیا۔جناب مولانا محمد حسین صاحب بٹالوی مرحوم و مغفور نے ہندوستان، عربستان افغانستان، اور مصر کے تمام عالموں کی تصدیق سے مرزا صاحب پر کفر کا فتویٰ لگایا تھا۔اس فتویٰ کو جس پر دنیا بھر کے عالمان دین کے دستخط ثبت تھے۔تمام جہان میں تقسیم کیا بعد ازاں مولانا ثناء اللہ اور مولانا ظفر علی خاں نے بھی اس ضمن میں مقالات ومضامین سپرد قلم کئے۔بندہ درگاہ نے جملہ تحریروں کا مطالعہ کیا ہے۔لیکن جناب کی طرز ادا واستدلال نرالی ہے۔عبارت عام فہم۔دلائل واضح اور صاف اور پھر ان سب پر طرہ یہ کہ آپ نے نہایت ہی عام فہم طریق پر مرزا صاحب کے اقوال سے ان کی تردید کی۔جزاک اللہ فی الدارین خیرا۔مجھے یقین کامل ہے کہ جو مرزائی بھی انصاف کی عینک لگا کر جناب کی حقیقت آموز تحریروں کو پڑھے گا۔فی الفور نادم وپشیمان ہو کر انشاء اللہ العزیز راہ راست کو اختیار کرلے گا۔آپ میری اس تحریر کو بطور پیشگوئی اپنے پاس محفوظ رکھیں۔آپ کے طرز تحریر کو دنیا بھر پسند کر کے آپ پر آفرین وصد مرحبا کہہ رہی ہے۔واقعی آپ نے ثابت کر دکھایا کہ مرزا صاحب نے اپنے کفر پر اپنے فتویٰ سے مہر ثبت کی ہے۔میں آپکو یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ آپ کا طرز تحریر بید شریفانہ وبااخلاق ہے۔جس کیلئے خاص طور پر آپ مستحق تبریک وتہنیت ہیں۔امید کہ جناب والا خلق خدا کو کماحقہٗ مستفیض کرنے کیلئے اپنی بیش بہا تحریرات کو بالضرور کتاب کی صورت میں شائع فرمائیں گے۔

Marfat.com

## خانصاحب آغا محمد سلطان مرزا صاحب سینئر سب جج راولپنڈی

مکرمی جناب شاہ صاحب تسلیم۔ مزاج اقدس۔ امید ہے کہ آپ بخیریت ہونگے۔ میں آپ کے مضامین جو فرقہ قادیان کے خلاف نکل رہے ہیں۔ بہت شوق سے پڑھ رہا ہوں۔ میں تو اب تک آپ کو ایک بذلہ سنج اخبار نویس سمجھتا رہا۔ آپ تو بڑے ہی لائق عالم و فاضل نکلے۔ مضامین نہایت مدلل و مشتمل بر براہین قاطعہ ہیں۔ کاش مسلمان ان کو غور سے پڑھیں۔ اگر تعصب کی عینک اُتار کر صاحبان قادیان پڑھیں گے تو ضرور ان کے دل پر اثر ہوگا۔ نہ منطق میں عیب نہ دلائل میں کمزوری سوقیانہ تو تُو مَیں مَیں سے مبرا۔ فضول یاوہ گوئی سے منزا۔ ان مضامین کا ایک ایک لفظ میزان عدل میں سے تلا ہوا آتا ہے۔ کیا ممکن نہ ہوگا۔ جب یہ سلسلہ ختم ہوجائے تو تمام مضامین کو ایک جگہ جمع کرکے کتاب کی صورت میں شائع کیا جائے۔ اگر آپ ایسا کرنے پر آمادہ ہیں۔ تو میں اس غرض کے لئے عنہ روپے پیش کرتا ہوں۔ ہدیہ میری طرح ناچیز ہے۔ لیکن اس قطرہ کا شوق بھی قابل داد ہے۔ جو اپنے تئیں دریا میں گم کرکے دریا کی وقعت میں سے حصہ لینا چاہتا ہے۔

## مہتر فضل الٰہی صاحب از بھیرہ

مکرمی شاہ صاحب السلام علیکم و رحمتہ اللہ و برکاتہٗ۔ آپ کے قلم سے سلسلہ مضامین "تحریک قادیان" دیکھ کر دل میں خیال آیا ہے کہ آپ کی خدمت میں اظہار عقیدت کیا جائے لہٰذا عرض ہے۔ اللہ کرے زور قلم اور زیادہ۔ فی الحقیقت متانت و سنجیدگی سے اتمام حجت کرنا آپ کا ہی کام تھا۔ امید ہے کہ آپ اس سلسلہ کو باضابطہ کتابی صورت میں شائع کریں گے تاکہ یادگار جیدسب قائم رہے۔ کاروبار لائقہ سے یاد فرمائیں۔

## ناظم اعلےٰ انجمن مستشار العلماء پنجاب

محترمی جناب سید صاحب السلام علیکم و رحمتہ اللہ و برکاتہٗ۔ انجمن مستشار العلماء پنجاب لاہور نے

Marfat.com

جریدہ سیاست میں آپ کی قوت دینی کو جو آپ نے سلسلۂ تحریک قادیان کی تردید کیلئے حرکت میں لا رکھی ہے نہایت وقعت کی نگاہ سے دیکھا ہے۔ اور اس کے متعلق مندرجہ تحت قرار داد منظور کی ہے:۔

"جریدۂ فریدۂ "سیاست" لاہور کو اس کے اس صدیقی کارنامے پر ہدیۂ تہنیت و تشکر پیش کیا جائے۔ کہ اس نے نہایت آڑے وقت میں مسلمانوں کی ترجمانی کرتے ہوئے سلسلہ مرزائیہ کی مناسب تردید کرنا اپنا فرض منصبی سمجھا ہے۔ انجمن مستشار العلماء جریدۂ مذکور سے متوقع ہے۔ کہ وہ آئندہ بھی مسلمانوں کی ایسے ظلمات کفریہ سے حفاظت کیلئے اپنے صفحات کو وقف کرتا رہے گا۔ نیز انجمن ایسے امور میں جریدہ مذکور کیلئے اپنی ناچیز خدمات پیش کرتی رہے گی۔ اور اسکی ترقی کیلئے دعاگو رہے گی۔

## سید محمد عبد الحق صاحب سکرٹری انجمن اسلامیہ سری گوبندپور

السلام علیکم۔ مزاج مقدس۔ تحریک قادیان کے متعلق جو مضامین آپ نے اپنے اخبار گوہر بار میں شائع فرمائے ہیں۔ ایسے سلیس اور مدلل ہیں۔ جو عامتہ المسلمین کے لئے نہایت مفید ثابت ہو رہے ہیں۔ قادیان یہاں سے بالکل قریب ہے۔ اور آئے دن یہ لوگ یہاں آکر مرزائیت کا پروپاغندہ کرتے رہتے ہیں۔ حالانکہ ایک بڑا زبردست سالانہ جلسہ اسی غرض سے ہوتا ہے۔ اور وقتاً فوقتاً مناظرہ اور تبادلہ خیالات بھی ہوتے رہتے ہیں۔ مگر اس سے عام مسلمان اتنا استفادہ حاصل نہیں کر سکے۔ جتنا کہ آپ کے شائع شدہ مضامین سے کر رہے ہیں۔ دعا کرتا ہوں۔ کہ آپ کو خداوند کریم اس سے بھی زیادہ ہمت و برکت دیکر خدمت اسلام کی توفیق عنایت کرے۔ آمین۔ ملتجی ہوں۔ کہ آپ ان مضامین کو ضرور کتابی صورت میں شائع کریں۔ تاکہ چند نسخہ جات منگوا کر تقسیم کئے جائیں۔

## حاجی میر شمس الدین صاحب صدر مستقل انجمن حمایت اسلام لاہور

مکرمی جناب سید صاحب۔ السلام علیکم ورحمتہ اللہ۔ تحریک قادیان کے متعلق جو سلسلہ مضامین

Marfat.com

آپ نے جاری کر رکھا ہے۔ میں بڑی دلچسپی اور غور سے اس کا مطالعہ کرتا رہا ہوں۔ آپکا طرز بیان اور طریق استدلال قابل ستائش ہے۔ جس قدر اعتراضات مرزا غلام احمد صاحب قادیان کے دعاوی اور ان کی تعلیم پر وارد ہو سکتے ہیں۔ ان سب کو ایک عمدہ ترتیب اور ایک مربوط سلسلہ میں آپ نے جمع کر دیا ہے۔ اور اس سلسلہ کے اختتام پر یہ ایک ایسا مجموعہ قادیانی تحریک کے متعلق تیار ہو جائیگا کہ اس کے بعد تحریک مرزائیت کے بارے میں کسی دوسری کتاب یا تحریر کی طرف رجوع کرنے کی ضرورت باقی نہ رہے گی۔ خداوند کریم آپ کی اس سعی کو مشکور فرمائے۔ اور توفیق دے کہ آپ اس سلسلہ کو بوجہ احسن انجام تک پہنچائیں۔ اس سلسلہ کی قسط بست وہشتم مندرجہ اشاعت سیاست مطبوعہ ۲۸ جون ۳۳ءکے آخر میں آپ نے ان دو سوالوں کا ذکر کیا ہے جن میں سے ایک تو قادیانی صاحبان کی طرف سے حیات و ممات مسیح علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام کے متعلق ہے۔ اور دوسرا غیر قادیانیوں کی جانب سے یہ ہے۔ کہ ان حقائق کی موجودگی میں جو مرزائیت کے متعلق آپ نے طشت از بام کئے ہیں بڑے بڑے تعلیم یافتہ مسلمان مرزا صاحب کے پیرو کیوں بن گئے۔ اس عاجز کی رائے میں یہ دونوں سوال باریک بے محل غیر متعلق اور ناجائز ہیں۔ جیسا کہ آپ نے خود بھی مانا ہے۔ اسلئے ان سوالوں کے جواب میں وقت صرف کرنا تضیع اوقات ہے۔ جیسا کہ میں نے ابھی کہا ہے۔ کہ حیات و ممات مسیح علیہ السلام کے مسئلہ کو آپ کے مضامین کے ساتھ کوئی واسطہ اور تعلق نہیں۔ دوسرے سوال کا جواب ان لوگوں کے ذمہ ہے جنہوں نے مرزا صاحب کی پیروی اختیار کی۔ اور ان کو پیغمبر تسلیم کیا اصل سوال جو اس بارے میں آپ سے کیا جا سکتا ہے۔ وہ میری رائے میں یہ ہے کہ ان حقائق اور واقعات صحیحہ کو جو آپ لکھ رہے ہیں مدنظر رکھتے ہوئے احمدی یا مرزائی جماعت کو آپ دائرہ اسلام میں داخل قرار دیتے ہیں یا خارج یا بالفاظ واضح تر آپ اس گروہ کو مسلمان سمجھتے ہیں یا نا مسلمان۔ اس سوال کی نسبت خود غیر احمدی مسلمانوں میں کسی حد تک اختلاف موجود ہے۔ آپ کی اس قدر محنت اور جانفشانی جو آپ تحریک قادیان کی حقیقت کے انکشاف اور اظہار کی نسبت کر رہے ہیں

Marfat.com

اگر اس اختلاف کو دور کرنے پر منتج نہ ہوئی تو میرے خیال میں یہ مسئلہ غیر منفصل رہے گا۔ جو کامل طور پر یک سو ہو جانا چاہئے۔ پس التماس ہے کہ آپ جس محل اور موقع پر موزوں اور مناسب تصور فرمائیں احمدی جماعت کے اسلام یا عدم اسلام کی نسبت اپنی رائے کا غیر مبہم الفاظ میں اظہار فرمائیں۔ اللہ تعالےٰ آپ کو جزائے خیر دے گا۔ میں نے اپنے خیال کو بہت اختصار کے ساتھ ظاہر کر دیا ہے۔ کہ زیادہ تفصیل کی حاجت نہ تھی۔ امید ہے کہ آپ بخیریت ہوں گے۔

(۲)

# عالیجناب میرزا سر ظفر علی صاحب

## سابق جج ہائیکورٹ لاہور

مکرمی مولانا سید حبیب صاحب السلام علیکم۔ تحریک قادیان کے متعلق جو مضامین آپ روزنامہ سیاست میں شائع کر رہے ہیں۔ میں سب پڑھتا ہوں اور آپ کے طرز تحریر اور اعتدال پسندی کی تعریف کرتا ہوں۔ واقعات قابل بحث کو تقسیم کر کے آپ نے ہر ایک واقعہ کو پبلک کے سامنے اس طرح پیش کیا ہے کہ ہر ایک شخص خود فیصلہ کر سکے۔ کہ حق کس طرف ہے۔ یہ سلسلۂ مضامین عامتہ الناس کی رہنمائی کیلئے انشاء اللہ تعالیٰ نہایت مفید ثابت ہوگا۔ جو گمراہ ہو چکے ہیں وہ پورا غور کرنے پر واپس ہونگے۔ اور باقی لوگ گمراہ ہونے سے بچ جائیں گے۔ مرزائی لوگ ایسے مسائل کی بحث کیا کرتے ہیں۔ جن کا مرزا غلام احمد صاحب کے دعویٰ نبوت پر کچھ اثر نہیں پڑتا۔ سوال تو یہ ہے۔ کہ مرزا صاحب نے خود کئی ایک معیار مقرر کئے۔ مگر معلوم ہوتا ہے۔ کہ اللہ تعالےٰ نے حق کو باطل پر غالب کرنے کیلئے ان کے ہر ایسے دعوے کی تکذیب ان کے مقرر کردہ معیارات کی اور انہی کی رو سے وہ نبی ثابت نہ ہو سکے۔ اسلئے ان مسائل پر جن میں علماء دین کے اندر اختلاف ہے۔ بحث کرنے کی ضرورت نہیں رہی۔ اور جب مرزا غلام احمد صاحب اپنے پیش کردہ معیار کی رو سے نبی ثابت نہیں ہوتے۔ تو ان کو نبی کسطرح مانا جا سکتا ہے۔

Marfat.com

## حضرت ابوالحسنات مولانا حکیم سید محمد احمد صاحب قبلہ خطیب جامعہ وزیر خاں لاہور

مجمع مکارم مجد کم اکارم سیادت پناہ حامی اسلام جناب شاہ صاحب دام بالمجد والکرم۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ میں اپنے نجی کام کے سلسلہ میں آلور گیا ہوا تھا واپس آیا تو جناب کے چند مضمون میری نظر سے گذرے۔ اگرچہ بزم تنظیم میں ماہانہ پندرہ روزہ نمبر نکل رہے ہیں۔ اور اپنی بساط کے موافق خاص خدمت کر رہے ہیں۔ مگر جناب کے مضامین دیکھکر میں اس نتیجہ پر پہنچا۔ کہ مخلصانہ خدمت اور حق گوئی اور ہمت اسی کا نام ہے۔ جزاک اللہ فی الدارین خیرا۔ آج میرا جی چاہتا ہے۔ کہ میں آپ کے حق میں وہ لفظ استعمال کروں۔ جن کو ابتک سنکر خاموش رہا کرتا تھا۔ "فدائے ملت زندہ باد۔ مولانا سید حبیب شاہ زندہ باد"۔ لیکن ابھی دو امور کی کمی میری نظر میں ہے۔ ایک یہ۔ کہ ابتک تحقیقات نے جناب کو کس نتیجہ پر پہنچایا۔ بلاخوف لومتہ لائم صاف لفظوں میں اس کی تشریح بھی ہونی چاہیئے۔ آیا ابتک کے مندرجہ مضامین سے آپ جناب مرزاجی اور ان کی تبعین کے ارتداد کو تسلیم فرما چکے ہیں یا کیا یہ وہی سوال ہے جو قبل ازیں میں زمیندار میں بھی کر چکا ہوں۔ دوسری کمی یہ ہے۔ کہ یہ اقساط محض جریدہ کے ذریعہ اب تک شائع ہوتی رہیں یہ چونکہ ازبس مفید ہیں اور طریق استدلال نہایت پسندیدہ ہے۔ بنابریں اس مضمون کو بہت جلد کتاب کی صورت میں شائع کرنا چاہیئے۔

---

## جناب قاضی دلاور شاہ صاحب فاروقی نامہ نگار ریاست مقیم ٹل (سرحد)

جناب مولانا صاحب قبلہ۔ خداوند تعالیٰ آپ کو اپنے عزائم میں کامیاب کرے۔ آپکی زیارت کا مجھے بے حد شوق ہے۔ انشاء اللہ مستقبل قریب میں حاضر خدمت ہو جاؤنگا۔ آپ کے تمام مضامین جو سلسلۂ قادیان کے متعلق ہیں۔ بے حد مقبول ہو چکے ہیں۔ پارہ چنار سے مجھے ایک

Marfat.com

دوست تحریر فرماتے ہیں۔ کہ ملازمت کی وجہ سے مجھے اکثر مرزائیوں کے ساتھ رہنا پڑا۔ ان کے ظاہری اخلاق اور ظاہری اسلام سے کچھ حد تک متاثر ہوا تھا۔ قریب تھا۔ کہ انہی کے سلسلہ سے منسلک ہو جاتا۔ لیکن جب سے مولانا صاحب نے ان کی اصلیت پر قلم اُٹھایا ہے۔ میرا دل بالکل صاف ہو گیا ہے۔ اور خدا کے فضل سے ان کے فاسد خیالات سے بچ گیا ہوں۔

(۵)

## خواجہ عبدالرحمان صاحب کابلی المعروف افغان گھڑی ساز پشاور شہر

مخدوم و محسن بندہ جناب قبلہ شاہ صاحب۔ آداب و نیاز۔ جناب کی قدمبوسی کی کمال آرزو کے بعد از اظہار معروض خدمت عالی و متعالی ہوں۔ کہ جناب مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کا کچا چٹھا جو آنجناب نے اپنے ہاتھوں سے تیار کیا تھا۔ اور اسے جو جناب نے عام فہم اور مدلل عبارت میں سیاست کے صفحات کی وساطت سے ہدیہ قارئین کرام کیا۔ اس پر ہر خاص و عام اور دوست و دشمن نے صدائے تحسین و مرحبا بلند کی۔ خدائے برتر و اعلیٰ آپکو جزائے خیر کرامت فرمائے۔ ضرورت ہے کہ آنجناب اس کو کتابی صورت میں شائع فرما کر باعث فیض رسانی عامۃ المسلمین ہوں۔ بوجہ اس تہذیب و اخلاق اسلامی کے جو آپ نے بوقت مخالفت مرعی رکھا۔ دعا ہے کہ رب العالمین بطفیل شافع المذنبین آپکو جنت الماوٰی بطور انعام اس بہترین کارنامہ کے عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

(۶)

## جناب محمد بشیر مرزا صاحب علیگ۔ کلکتہ

قادیانی عقیدہ کے متعلق جس طرح اور جو کچھ آپ لکھ رہے ہیں۔ یہ ایک دیرینہ ضرورت تھی خصوصاً ان کے واسطے جو اسکے متلاشی رہے ہوں۔ ایک معترض نے اعتراض کیا۔ کہ آپ نے رد کتابوں کا نام لکھا تھا ان کتابوں کی نقل کر دی ہے۔ مگر معترض صاحب نے یہ نہ خیال کیا کہ اس قسم کے مسائل کے جوابات زیادہ تر کتابوں کے حوالہ ہی سے دیئے جاتے ہیں۔ خواہ وہ قرآن پاک ہو۔ یا حدیث کی کتابیں ہوں۔ یا وہ کسی محقق نے لکھی ہوں۔ ان کے ساتھ لکھنے

Marfat.com

والے کے خیالات اور دلائل ایک مجموعہ بن کر آئندہ کسی لکھنے والے کے کام آیا کرتے ہیں۔ میں خود متلاشی رہا ہوں کہ کوئی ایسا مجموعہ مل جاتا۔ جو اس طرح اعتقاد کا غلط ہونا یا کم سے کم مشتبہ ہونا ہی ثابت کر سکتا۔ مگر باوجود تلاش مجھے ایسا کوئی مجموعہ نہ مل سکا۔ آپ کا سلسلۂ تحریر مکمل ہو کر ایک مفید اور محقق حق کے لئے ایک کارآمد کتاب ہو گی۔ اس لئے ازبس ضروری ہے کہ ان سب تحریروں کو جو آپ لکھ رہے ہیں۔ یا آئندہ لکھیں۔ کتابی صورت میں شائع فرمائیں مجھ جیسے بہت سے لوگ ایسی پر از معلومات کتاب کے متلاشی ہونگے۔ اور ضروری سمجھیں گے۔ کہ ایسی کتاب کی ایک جلد گھر میں رہے۔ تاکہ ان کی اولاد یا عزیز اگر کسی وقت قادیانی عقیدہ کی طرف راغب ہوں تو ان کو جوابات شریفانہ اور سادہ زبان میں گھر کے اندر ہی مل جائیں۔ میرے خیال میں جب یہ سلسلہ مضامین ختم ہو جائے تو اسکو کتاب کی صورت میں شائع کر دیا جائے۔ اور وہ خریدار جو طبع ہونے سے پہلے قیمت نقد بھجوا دیں۔ ان کو پچیس فی صدی قیمت میں رعایت دی جائے آخر میں یہ اور لکھنا چاہتا ہوں۔ کہ اگر آپ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مع جسم آسمان پر جانے نہ جانے پر روشنی ڈال سکیں۔ تو باعث منت ہوگا۔

میں اور مجھ جیسے بہت زیادہ یہ یقین (اگر یقین حکمی نہیں تو بالکل قریب بعین الیقین) رکھتے ہیں کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام مع جسم دنیوی آسمان پر نہیں گئے۔ اور نہ ہیں کیونکہ (۱) مرزا صاحب قادیانی اور ان کے پیروؤں کی دلائل اس بارے میں گویا تصفیہ کن نہیں۔ (۲) یہ عقیدہ مسلمان ماننے والوں کو کفر تک نہیں لے جاتا۔ اور نہ انکار کرنے والوں کو خارج از اسلام کرتا ہے۔ بلکہ اس عقیدہ کو فروعی کہا گیا ہے۔ نتیجہ یہ کہ تحریروں کو مجموعی صورت یعنی کتاب میں لانے کی ازبس ضرورت ہے۔ اور استدعا ہے کہ یہ نیک کام بھی بالضرور کر دیا جائے۔ کیونکہ یہ کوئی مبالغہ نہیں سچی بات ہے۔ کہ عقیدۂ قادیان کے متعلق آپ ایک بڑی ضرورت کو پورا کر رہے ہیں۔ زیادہ خوشی اس بات کی ہے کہ زبان شریفانہ اور بیان واقعات پر مبنی اور مشرح ہے غرض ان خیالات کو کتاب کی صورت میں چھاپنا ازبس ضروری ہے۔

59860

# مولانا غلام دستگیر صاحب نامی ۔ لاہور

مکرمی جناب شاہ صاحب زاد لطفہ۔ السلام علیکم۔ چند روز ہوئے مجھے سر مرزا ظفر علی صاحب متولی مسجد وزیر خاں ور یٹائرڈ جج ہائیکورٹ پنجاب سے ملنے کا اتفاق ہوا۔ آپ نے پوچھا کہ کیا آپ تحریک قادیان کے متعلق مولانا سید حبیب صاحب کا سلسلہ مضامین جو سیاست میں نکل رہا ہے پڑھتے ہیں۔ میں نے جواب نفی میں دیا۔ تو آپ نے فرمایا۔ کہ یہ سلسلہ نہایت مفید اور قابل مطالعہ ہے۔ اس سے مجھے شوق پیدا ہوا۔ اور میں نے سلسلہ مضامین بڑے شوق اور غور سے پڑھا۔ شاہ صاحب میں آپ کو مبارک دیتا ہوں کہ آپ نے نہایت معقولیت اور متانت سے قادیانیت کے حالات کا انکشاف فرمایا ہے۔ اگر قادیانی دوست اس کو بے تعصبی اور غور سے پڑھیں۔ تو فوراً تائب ہو جائیں۔ واقعی مرزا صاحب نے امت محمدیہ میں تفرقہ ڈالنے کے سوا اور کوئی کام نہیں کیا۔ مجھے اچھی طرح یاد ہے۔ کہ جب سر مرزا صاحب موصوف کی دیندار والدہ مکرمہ فوت ہوگئیں تو ان کے بڑے بیٹے نے جو بد قسمتی سے قادیانی ہو گئے ہیں نماز جنازہ میں شرکت نہ کی کیونکہ اس گروہ کی نظر میں جو شخص مرزا صاحب کی نبوت کا قائل نہ ہو مسلمان نہیں۔ لہذا نہ اُس سے دنیوی تعلق جائز ہے نہ اس کی نماز جنازہ پڑھنا روا۔ مرزا صاحب قادیانی کے الہامات پر آپ نے خوب تبصرہ کیا۔ اور پیشینگوئیوں کی بھی بوجہ احسن خبر لی ہے۔ غالباً سر مرزا صاحب موصوف نے ہی ایک دفعہ ذکر کیا تھا۔ کہ جب مرزا صاحب قادیانی نے لوگوں کے خلاف پیشینگوئیوں کی اندھا دھند اشاعت شروع کر دی تو ڈپٹی کمشنر نے انہیں بلا کر تنبیہ کی جس سے مرزا صاحب کانپ اٹھے اور لکھ کر دیدیا کہ حضور میں آئندہ دہشت انگیز پیشگوئیاں شائع نہیں کروں گا۔ ڈپٹی کمشنر نے اپنے مسلمان ریڈر سے کہا دیکھا تمہارا پیغمبر ایسا ہے کہ ایک معمولی حاکم سے ڈر کر کہہ رہا ہے کہ میں آئندہ پیشگوئیاں شائع نہ کروں گا۔ کیا مسلمانوں کے مامورین من اللہ کی یہی شان ہے کہ خدا کی طرف سے جو حکم پائیں۔ اس کی اشاعت سے ڈریں؟ ریڈر نے جواب دیا۔ کہ مرزا صاحب کو جمہور اہل اسلام نے سچا قرار نہیں دیا۔ ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم کسی دنیاوی طاقت سے نہیں

Marfat.com

ڈرے اور ان کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ کیونکہ جو شریعت وہ لائے وہ ابدی ہے۔ اور اس کے بعد کسی شریعت کی ضرورت نہیں۔ یہ سن کر وہ ڈپٹی کمشنر چپ رہا۔

شاہ صاحب آپ کی بڑی مہربانی ہوگی۔ اگر آپ اس سلسلۂ اخباری کو بصورت کتاب شائع کردیں۔ تاکہ آپ کی محنت ٹھکانے لگے اور لوگ اس سے متمتع ہوتے رہیں۔

## مولانا سلام الدین صاحب۔ سری نگر

مکرمی ایڈیٹر صاحب اخبار سیاست لاہور۔ السلام علیکم۔ جو سلسلہ مضامین جناب شاہ صاحب نے تحریک قادیان کے بارے میں جاری فرمایا ہے۔ وہ ہر جگہ نہایت ذوق و شوق کے ساتھ پڑھا جاتا ہے۔ اور اپنا اثر کئے بغیر نہیں رہتا۔ سری نگر میں ان مضامین کو بہت شوق سے پڑھا اور پڑھکر دوستوں کو سنایا جاتا ہے۔ امید ہے کہ اس سلسلہ کو کافی عرصہ تک اسی طرح جاری رکھینگے اور خاتمہ پر اس کو ایک کتابی صورت میں مدون فرماکر شائع کرینگے۔ تاکہ ہر شخص کے پاس یہ موجود رہ سکے جس سے کہ وہ مستفید ہو سکے۔ ان مضامین کی خصوصیت یہ ہے۔ کہ زبان سلیس اور شستہ ہے۔ اخلاقی پہلو ہر وقت مدنظر رکھا گیا ہے۔ اور ہر جگہ پر معیار شرافت اسی بلندی پر کہ جس کا ابتداء میں دعوےٰ کیا گیا تھا۔ قائم رکھا گیا ہے۔ گویا وجادلھم بالتی ھی احسن کا نہایت عمدہ نمونہ پیش کیا گیا ہے۔

## دربار فاضلیہ بٹالہ شریف ضلع گورداسپور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، الحمدللہ و سلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ۔ مکرمی سید صاحب زاد مجدہٗ۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔ عرفان پناہ حضرت قبلہ خان بہادر سیدنا و مولانا سید میاں نذر محی الدین صاحب قادری سجادہ نشین دربار فاضلیہ بٹالہ شریف نے ہدایت فرمائی ہے کہ میں یہ ظاہر کردوں۔ کہ آں ممدوح آپ کے جریدہ گرامی کی ان خدمات جلیلہ پر اظہار تحسین فرماتے ہیں۔ جو کہ آپ اور آپکے اخبار کی

Marfat.com

طرف سے ہر شکل کے وقت مسلمانوں کے لئے عمل میں لائی جاتی ہیں۔ یقین کیجئے۔ کہ آپکا اخلاص عمل لوگوں کے دلوں پر اثر کر رہا ہے۔ الحاد۔ بد دینی اور عقاید باطلہ کے طلسم کو توڑنا آپکو بحیثیت سید ہونے کے اپنے ورثہ میں ملا ہوا سمجھنا چاہئے۔ سچائی کو پسند کرنے والوں کی دعائیں اور ہمدردی آپ کے ساتھ ہیں۔ تحریک قادیان کے متعلق مضامین ایک کتاب کی صورت میں منضبط ہو جائیں تو از بس مفید ہوگا۔

## خواجہ غلام محمد صاحب۔ جالندہر

مکرمی جناب سید صاحب۔ السلام علیکم۔ امید ہے۔ کہ آپ خیر و عافیت سے ہوں گے۔ خداوند کریم آپ کو سلامت رکھے۔ "تحریک قادیان" کے متعلق جو سلسلہ مضامین آپ نے جاری کر رکھا ہے۔ اس کا میں بڑی دلچسپی اور غور سے مطالعہ کیا کرتا ہوں۔ آپ کا طرز بیان اور طریق استدلال قابل ستائش ہے۔ پڑھکر بے اختیار زبان سے نکلتا ہے۔ "زندہ باد سید حبیب" جس قدر اعتراضات بھی مرزا غلام احمد صاحب قادیان کے دعاوی اور ان کی تعلیم پر وارد ہو سکتے ہیں۔ ان کو ایک عمدہ ترتیب اور ایک مرلوط سلسلہ میں آپ نے جمع کر دیا ہے۔ اور اس سلسلۂ نایاب و بے بہا کے اختتام پر ایک ایسا مجموعہ قادیانی تحریک کے متعلق تیار ہو جائیگا۔ کہ دوسری کتاب کی ضرورت نہیں ہوگی۔ میرے دوست **قبلہ چودھری عبدالرحمٰن صاحب ممبر لیجسلیٹو کونسل پریذیڈنٹ میونسپل کمیٹی راہوں" جاگیر دار و رئیس اعظم راہون (ضلع جالندہر)** میرے پاس آئے۔ ان کو قادیانیوں کی تردید سے بہت دلچسپی ہے۔ میں نے ان کو پہلے بھی بہت سی قادیانیت کے بارے میں کتب دیں۔ اب میں نے ان کو آپ کے مضامین کے سلسلہ کے کالم اخبار سے کاٹ کر بھیجے اور دوران قیام جالندہر میں آپ کے پورے پرچے پڑھائے۔ تو وہ عش عش کرنے لگے کہ کوزہ میں دریا بند کر دیا ہے۔ اور بے ساختہ کہنے لگے کہ زندہ باد سید حبیب۔ ایسے مدلل اور با تہذیب مضامین سید صاحب کی زور طبیعت کی عرق ریزی کا نتیجہ ہیں۔ کاش کہ یہ سلسلہ کتابی صورت

Marfat.com

میں آجائے۔چودھری صاحب کے گاؤں میں بھی مرزائی ہیں۔اور چودھری صاحب کی ان سے ہمیشہ ٹکر رہتی ہے۔اور وہ ہمیشہ راہون میں بابو حبیب اللہ کلرک محکمہ نہر کو جو مرزائیوں کی کتب کے حافظ ہیں بُلواتے ہیں اور ان سے بحث و مباحث کراتے رہتے ہیں۔اس کے علاوہ دیگر علماء کو بھی بُلواتے ہیں۔

## سیّد نور الاکبر صاحب چترالی از کاکاخیل (سرحد)

واجب التعظیم والتکریم سیّدی۔جناب کے سلطنت تیموریہ چترال کی سیاحت کے دوران میں ہم چترالیوں کی آنکھیں آپ کی دیدار فیض بار سے منوّر ہوئیں۔کیونکہ آپ ہی ہندوستانی مدیرانِ محترم میں سب سے پہلے شخص ہیں۔جو یہاں تک تشریف لائے۔آج کل آپ تحریک قادیانیت پر جو مدلل و مؤثر سلسلہ مضامین لکھ رہے ہیں۔وہ قادیانی جماعت کے لئے درس عبرت اور آپکے لئے موجب نجات ہے۔قادیانیوں کے لئے یہ سبب ہدایت ہو سکتا ہے بشرطیکہ ان میں دماغ اور بصیرت ہو جو فی الواقعہ نہیں۔مضامین مذکورہ کا مجموعہ گنجِ بے بہا کی حیثیت رکھتا ہے۔اس لئے جس قدر جلد ممکن ہو اس کو کتابی شکل دے کر ہندوستان بھر میں تقسیم کرنے کی کوشش فرمائیے۔انشاء اللہ تعالےٰ رب جلیل آپ کو جزائے خیر دیگا۔سید صاحب خدا کے فضل اور مسلمانوں کی خوش قسمتی سے آپ اسلامی دنیا کے ایک درخشندہ ستارہ ہیں اسلامی دنیا کے صحیح حالات سے ہندوستانی مسلمانوں کو آپ نے باخبر رکھنے میں جو زرّین خدمات سرانجام دیں۔وہ اظہر من الشمس ہیں۔آپ مسلمانوں کے واحد اور نڈر ترجمان ہیں۔آپ نے مظلومین کشمیر و الور کی حمایت میں بے نظیر قلمی جہاد کیا ہے۔آپ ہی نے افغانستان اور غازی محمد نادر شاہ خلد اللہ ملکہٗ کی سچی خدمت کی ہے۔اور آپ ہی غازی موصوف کے سچے مخلص اور جان نثار دوست ثابت ہوئے۔دیندار و خدا ترس تاجدار چترال دام اقبالہ کی سچی دوستی کا شرف آپ ہی کو حاصل ہوا اور آپ ہی اس لائق ہیں۔کہ تاجداران موصوف آپ کو محبت کی نگاہ سے دیکھیں۔بے شک آپ

Marfat.com

اسلامی دنیا کے مرد مسلمانوں کے ہمدرد ہیں۔آپ ہی نے متضاد العمل گاندھی جی اور فرقہ پرست کانگریس کی مسلم کش چالوں سے مسلمانوں کو ہر وقت آگاہ کیا۔اور آپ ہی نے آٹھ کروڑ مسلمانوں کے روحانی باپ مولانا محمد علی مرحوم کی اس وقت دستگیری اور حمایت کی جبکہ مولانا ظفر علی خاں جیسے اہل قلم ذاتی کاوشوں کی بناء پر ان کی تذلیل کیلئے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں کرتے تھے۔آپ ہی نے نیشنلسٹ مسلمانوں کی زرین مصلحتوں سے مسلمانوں کو بچائے رکھا۔اور آپ ہی نے گاندھی پرست مسلمانوں کا قافیہ تنگ کیا۔آپ ہی نے مویدین وعلم برداران تحریک عصیان مدنی کے استدلال کی دھجیاں بکھیر دیں۔جو دراصل مسلمانوں کی حق تلفی کے لئے شروع کی گئی تھی۔الغرض آپ کی ذات مجموعہ کمالات ہے۔اور آپ کے ملکی وملی کارناموں کو آنے والی نسلیں فخر سے یاد کیا کریں گی۔ایک طالب علم کے لئے نہایت مشکل ہے۔کہ آپ کی ذات وصفات پر تبصرہ کرے یہ کام تو جناب جعفر شاہ میاں صاحب مولانا آزاد گل میانصاحب جناب سرور گل میانصاحب کاکاخیل جیسے اہل قلم اصحاب کا ہے۔لیکن میرے دل کے نہ خاموش ہونے والے اخلاص نے اسکے لکھنے پر مجبور کیا۔سلامتی ہو تم پر اے پیکر حریت وفدائے ملت سلامتی ہو تجھ پر اور تمہارے اخبار کو ہر بار پر۔سلامتی ہو اے بلبل چمن ہند تم پر اور تیری ہمت مردانہ پر اے سید القوم سلامتی ہو تجھ پر اور تیرے دودمان پاک پر ہاں سلامتی ہو۔اور شاباش ہو آپ کے قادیان شکن اور اسلام پرور قلم اور دماغ پر! آمین! ثم آمین۔

## آنریبل صاحبزادہ نواب سر عبدالقیوم خاں صاحب وزیر حکومت سرحد

آپ اس سلسلہ کو لکھتے ہوئے ہرگز کسی سے نہ ڈریں۔خدا نے چاہا تو ایک روز خود برادران قادیان آپ کا شکریہ ادا کریں گے۔کہ آپ نے ان کی رہنمائی کی۔

Marfat.com

## مولوی غلام مصطفےٰ صاحب بی اے بیرسٹرایٹ لاء ایڈووکیٹ گوجرانوالہ

اور تو میں کچھ نہیں کہنا چاہتا۔ اتنا کہتا ہوں کہ مجھے معلوم نہیں کہ آپ نے دنیا میں ثواب کے کیا کیا کام کئے ہیں۔ لیکن اتنا کہتا ہوں کہ یہ سلسلہ آپ کی مغفرت کیلئے کفایت کریگا۔

## مولانا رشید صحرائی مدیر اخبار "کشمیری" ۔ لاہور

عام خیال ہے۔ کہ قادیانی تحریک وحدتِ اسلامیہ اور مرکزی قوتوں کے لئے حد درجہ نقصان دہ ہے۔ یہ سیلاب ِبلا عالمِ اسلام میں تباہی لا رہا ہے۔ قادیانیوں نے اپنی تحریک کی ترویج واشاعت کے لئے جو ذرائع اختیار کر رکھے ہیں۔ ان سے خطرہ ہے۔ کہ وہ اپنی فتنہ سامانیوں کے ساتھ آفتابِ اسلام پر گھٹا بن کر نہ چھا جائے۔ اور کہیں ایسا نہ ہو کہ دنیائے اسلام کی ایمانی روشنی پر ظلمتِ کفر غلبہ حاصل کرلے۔ پس اس خوفناک تحریک کا جس قدر بھی جلد استیصال کیا جائے مناسب ہے۔ اس سیلاب کو روکنے کے لئے ایسے تردیدی بند باندھنے کی ضرورت ہے۔ جو کبھی سیلاب کفر و ہذیان سے متزلزل نہ ہو سکیں۔ اس مقصد کے لئے فوری وعارضی اقتضائے جوش میں اکثر اصحاب نے ہنگامہ آرائی کی۔ پُرجوش جلسے کئے۔ ولولہ انگیز و محشر خیز تقاریر کیں۔ مگر یہ فرہادی "تیشہ" قادیانی "سنگِ گراں" کو نہ کاٹ سکا۔ اور اس تحریک کی فنا میں التوا پیدا ہوگیا۔ آخر ملک کے مشہور صحیفہ نگار مولانا سید حبیب شاہ صاحب مالک روزنامہ سیاست بھمۂ فراست کمر ہمت باندھ کر اور جرأت و بسالت کو جلو میں لیکر میدانِ مجادلہ میں مردانہ وار اُترے۔ اور تاویلات باطلہ کو بیک ضربت استدلال واستشہاد فنا کر کے رکھدیا جس سے دینِ حقۂ محمدیؐ کا نور تمام عالم میں پھیل گیا۔ محترم مدیر سیاست نے انتہائی متانت وسنجیدگی کے ساتھ جو سلسلۂ مضامین بالاقساط شروع کر رکھا ہے۔ اور جس انتہائی بالغ نظری و دانشمندی سے قادیانی دلائل کو توڑ کر اور مرزائی دعووں کو باطل کر کے حقیقت بیانی کا ثبوت دیا ہے۔ ان کا یہ کارنامہ دنیائے اسلام کے لئے موجب فخر و امتنان ہے۔ ہماری رائے میں عقیدت مندانِ اسلام کی

Marfat.com

خواہش کے مطابق ان تمام حقیقت افروز و قابلِ قدر مضامین کو کتابی صورت میں شائع کرنا دنیائے اسلام پر ایک بھاری احسان ہوگا۔ ہمیں یقین ہے۔ تمام تردیدی دلائل کی یکجا اشاعت مسلمانوں میں عمدہ و مفید نتائج پیدا کرے گی۔

---(۵)---

## جناب مولانا غلام مرشد صاحب ۔ لاہور

محترم و مکرم جناب مولانا سید حبیب صاحب سلمہٗ۔ السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ۔ آپ نے جس خوش اسلوبی سے تحریک قادیان اور مرزا صاحب کے مخصوص عقائد پر تنقید فرمائی ہے۔ وہ قابل صد ستائش ہے۔ اگر ان تمام نمبروں کو یکجا کر کے ایک کتابی شکل میں شائع کیا گیا تو اس کتاب کا مطالعہ بہت مفید ثابت ہوگا۔

---(۶)---

## منشی احمد خاں صاحب صدر بازار پشاور چھاؤنی

تحریک قادیان کتابی صورت میں جلوہ افروز ہو کر گمراہان ضلالت کو بتائے گی کہ

"یہ عقیدہ ہمارے لئے کیوں قابل قبول نہیں"

اور صراط مستقیم کی جانب رہنمائی کرے گی۔ الحمد للہ ثم الحمد للہ۔ سید صاحب نے تردیدی دلائل جس سنجیدگی و متانت اور تہذیب سے زیب قرطاس فرمائے ہیں۔ یہ صرف انہی کا حصہ ہے۔ میں نے جہاں تک مرزا غلام احمد صاحب قادیاں کے ادعاء نبوت والی کتب کی سیر کی ہے۔ اور ان کے مریدوں سے دوستانہ تعلقات رکھے ہیں۔ ان کے پیش نظر مجھے امید واثق ہے۔ کہ سید صاحب کے دلائل کی تردید ناممکن نہیں تو محال ضرور ہے۔ قادیانی اور لاہوری احباب انصاف سے خدا کو حاضر و ناظر جان کر اور تعصب اور ہٹ دھرمی کو دور کر کے جواب لکھنے کی زحمت گوارا فرمائیں۔ تو ممکن نہیں کہ سید صاحب کی دلیلوں کی تردید ان سے ہو سکے۔ آج مبلغ ایک روپیہ کا منی آرڈر جناب کی خدمت میں ارسال کر رہا ہوں۔ جب "تحریک قادیان" کتابی صورت میں

Marfat.com

جلوہ افروز منصۂ شہود ہو۔ تو ایک کتاب میرے نام روانہ فرما دیجئے گا۔ مہربانی ہوگی۔

## مولانا محمد دین صاحب سوداگر پارچہ سفید دروازہ۔ لاہور

مکرمی جناب شاہ صاحب قبلہ سلامت باشند۔ السلام علیکم۔ فتنہ قادیانی کے متعلق آپ جو مفید سلسلۂ مضامین اپنے اخبار میں شائع کر رہے ہیں۔ اُسے اول سے آخر تک میں نہایت دلچسپی سے پڑھ رہا ہوں۔ میں بے خوف لومتہ لائم کہنے کو تیار ہوں کہ جس سلاست، متانت اور تہذیب سے آپ نے مضمون کو نبا ہا ہے وہ آپ ہی کا حصّہ ہے۔ علمائے کرام نے بے شک اس فتنہ کے خلاف قلم اُٹھایا ہے۔ مگر دقتِ مضامین کے باعث عوام الناس نہ سمجھ سکے۔ الحق آپ نے اس فتنۂ عظیم کا انکشاف کر دیا۔ یہ فتنہ ہند سے گذر کر پوری تنظیم کے ساتھ دیگر ممالک میں پھیل رہا ہے۔ مگر ہمارے امراء مذہب سے بیگانہ ہیں۔ اور علمائے کرام نے بھی پوری توجہ اس طرف نہیں کی۔ اور اپنے آرام و آسائش کی فکر میں لگے رہے میری مدت سے آرزو ہے۔ اور اس کے متعلق میں نے بارہا اپنے ہم مذہب علمائے کرام سے عرض کی ہے۔ . . . . . . . . . . کہ کم از کم حنفی مسلمانوں کی جن سے اسلامی سوادِ اعظم قائم ہے تنظیم کی جائے۔ مگر ان بزرگوں نے کبھی توجہ نہیں کی۔ ایسے حالات میں آپ کا اس مضمون پر قلم اُٹھانا واقعی جہاد اکبر ہے۔ مسٹر ظفر علی خاں صاحب بھی اس مضمون پر خامہ فرسائی کرتے رہے ہیں۔ مگر زبان کی تیزی کے سبب وہ اس سلسلہ کو قائم نہیں رکھ سکے۔ جناب نے جو اسلوب اختیار کیا ہے۔ وہ نہایت بے ضرر اور مفید ہے۔ مگر اخباری مضامین ہنگامی حیثیت رکھتے ہیں۔ نہ کہ مستقل۔ لہذا میری تجویز ہے۔ کہ آپ ان مفید مضامین کو کتابی شکل میں شائع کر دیں۔ اور میرا نام خریداروں کی فہرست میں لکھ لیں۔ جسقدر کتابیں درکار ہونگی منگوا کر مفت احمدیوں میں تقسیم کر دوں گا۔ اور دوسرے احباب سے بھی درخواست کروں گا۔ کہ وہ بھی خریدار بنیں۔ میں حضرت مولانا مولوی حکیم سید ابوالحسنات محمد احمد صاحب قادری خطیب مسجد

Marfat.com

وزیر خاں کا ازحد ممنون ہوں۔ کہ میری درخواست پر انہوں نے فتنہ قادیانی پر ایک عرصہ سے ایک سلسلہ مضامین لکھنا شروع کر رکھا ہے۔ جو رسالوں کی صورت میں شائع ہو رہا ہے جو ۱۶ نمبر تک شائع ہو گیا ہے۔ یہ رسالے ازحد مفید ہیں۔ تمام حنفیوں کو چاہئے کہ مولوی صاحب کا اس کار خیر میں ہاتھ بٹائیں۔ تاکہ یہ سلسلہ ہمیشہ کیلئے جاری رہے۔

## مولانا ابو الریاض حکیم محمد معراج الدین صاحب مدیر "الفقیہ" امرتسر

مولانا سید حبیب صاحب مدیر جریدہ سیاست لاہور نے تردید تعلیم قادیان میں جو طرز اختیار کی ہے۔ وہ جادلھم بالتی ھی احسن کا بہترین نمونہ ہے۔ جس سے نہ صرف قادیانی زہر کے زائل کرنے کا تریاق فاروقی تیار کیا جا رہا ہے بلکہ ان اہل قلم کے لئے ایک سبق آموز مجموعہ تیار ہو رہا ہے۔ جو اس وقت یا آئندہ اسی میدان تردید میں قلم کا گھوڑا دوڑانا چاہتے ہیں۔ اس لئے ہمارے نزدیک اخباری دنیا میں شائع ہو جانے کے بعد رفاہ عام اہل اسلام کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ ازبس ضروری معلوم ہوتا ہے۔ کہ ان اوراق پراگندہ کو کتابی صورت میں شیرازۂ جمعیت دیکر ہمیشہ کیلئے ایک مفید اور کار آمد اسلامی میگزین کی صورت میں انہیں اسلام کی خدمت میں پیش کیا جائے۔ تاکہ آئندہ ہر وقت اور ہر موقعہ پر اہل قلم مجاہدین اسلام کے لئے سیف و سنان کا کام دے۔ اخیر میں ہم یہ بھی بتانا چاہتے ہیں۔ کہ مولانا نے گو مسئلہ تکفیر مرزا اور مسئلہ حیات مسیح کے مقام پر یہ عذر پیش کرتے ہوئے پہلو تہی کی ہے کہ یہ دونو امور مولوی صاحبان کے سپرد ہیں۔ اور ان ہی کی ڈیوٹی ہے اور یہ کہ اس میں ایک قطعی فیصلہ کرنے کے بغیر بھی انسان مسلمان رہ سکتا ہے۔ مگر تاہم یہ ضروری معلوم ہوتا ہے۔ کہ خود نہ سہی کسی دوسرے اہل قلم سے مکمل طور پر اس کمی کو بھی پورا کرا دیں۔ تو اس کتاب کی اہمیت اور بھی بڑھ جائیگی ورنہ اس وقت تک اسکی ضرورت صرف عام خیالات اور سیاسی نکتہ خیال تک ہی محدود رہتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔ مولانا کے ہم خیال گو اس موقعہ پر آپ کی ہاں میں ہاں ملائیں گے مگر ہم مجبور ہیں

Marfat.com

کہ روز روشن کی طرح اس امر کو بے نقاب کر دیں۔ کہ اس وقت انقلاب زمانہ سے مفتی صاحبان کی بجائے اخبارات کے ایڈیٹر صاحبان درجہ قضا پر رونق افروز ہوتے نظر آتے ہیں۔ اور قاضی صاحبان کے منصب قضا کو لیڈران قوم اپنا ذاتی منصب سمجھ رہے ہیں۔ دوسرے مولوی اور مفتی صاحبان کے پاس صرف الجواب صحیح کے سوا کچھ نہیں رہا۔ اس لئے ہم سید صاحب کی خدمت میں پرزور اپیل کرتے ہیں۔ کہ تکفیر مرزا اور حیات مسیح کے متعلق بھی اپنا فیصلہ یا اپنا اٹل فتویٰ صادر کر دیں۔ تاکہ جدید تعلیم یافتہ اصحاب کے نزدیک بھی یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ جائے۔ کہ واقعی جو کچھ اہل علم نے آج تک اس فرقہ کی تردید میں کر دکھایا تھا یا کر دکھایا ہے۔ وہ سب کچھ حق اور صحیح تھا اور ایسے امور کی تکمیل کرنے والے حق بجانب تھے۔

## اخبار "شرار" لاہور

اس مہدیت خیز زمین پر ایک ایسے شخص کا وجود بیحد غنیمت ہے۔ جو حق و صداقت کی اشاعت میں ایک ایسی شریفانہ جنگ کر سکتا ہو۔ جس کا ایک حرف بھی تہذیب و شائستگی کے بلند ترین معیار سے نہ گر سکے۔ قادیانی تحریک اسلام کی وحدت اور مرکزی قوتوں کے لئے ایک بھاری چوٹ ہے اس لئے اس خوفناک تحریک کا جس قدر بھی جلد استیصال کیا جائے بہتر ہے۔

ہم یہ دیکھکر انتہائی مسرت کا اظہار کرتے ہیں۔ کہ فدائے ملت مولانا سید حبیب صاحب نے جس شرافت اور جس دیانتداری جس حسن اخلاق اور جس صلاحیت و خوبی سے اپنے حقیقت افروز مضامین کا سلسلہ شروع کیا ہے۔ اور جس انتہائی دانشمندی سے احمدی دلائل کو احمدی دعووں پر اُلٹتے ہوئے زعم باطل کو توڑ کر اپنی بالغ نظری و حقیقت بیانی کا ثبوت دیا ہے۔ وہ سرزمین پنجاب پر صرف انہی کا حصہ ہے۔ اور جس خدمت حسنہ کے لئے وہ ملک بھر سے خراجِ تحسین وصول کرنے کے مستحق ہیں۔ اور نیز ہم عقیدت مندان اسلام کی اس رائے کی پُرزور

Marfat.com

# تمہید

(سیاست مورخہ ۱۲ر اپریل ۱۹۳۳ء بہ ترمیم مناسب)

(۱)

"سیاست" (جیسے کہ اس کے نام سے ظاہر ہے) ایک سیاسی اخبار ہے۔ اور اس کا مدعائے حیات صرف یہ ہے۔ کہ میدان سیاست میں ملت مرحومہ کی خدمت کرے (انشاء اللہ تعالےٰ) کہاں تک یہ اس مقصد میں اب تک کامیاب ہوا ہے۔ ایک ایسا سوال ہے جس کا انحصار انفرادی رائے پر ہے اور کہاں تک یہ آئندہ اپنی زندگی کے مقصد وحید کو پورا کر سکے گا۔ ایک ایسا معاملہ ہے۔ جس سے خدائے علام الغیوب کے سوا کوئی آگاہ ہو نہیں سکتا۔

میرے ذہن میں اسلام کا یہ مفہوم محفوظ ہے۔ کہ اسلام آٹھ دن میں ایک مرتبہ یا ہر روز دو دفعہ گرجا یا مندر میں جا کر دعا مانگنے یا اپنے معبود کی عبادت کرنے والوں کے مذہب کے بالکل برعکس ایک ایسا دین ہے جو دنیا سے جدا نہیں۔ بلکہ دنیا میں انسان کو ایسے طرز زندگی گذارنے کی تعلیم دینے والا جو انسانیت کے لئے باعث فخر اور وجہ ناز ہو صرف ایک ہی مذہب ہے جس کا نام اسلام ہے۔ لہٰذا سیاست اور شریعت میں کوئی فرق نہیں۔

لیکن جس شریعت حقہ کا دائرہ عمل انسان کی دنیا و آخرت پر حاوی ہو لازم ہے کہ اس کے شعبے متعدد و متنوع ہوں۔ خود اللہ تعالےٰ نے قرآن حمید فرقان مجید میں یہ فرما کر کہ لازم ہے کہ مسلمانوں میں سے ایک جماعت ہو۔ جو اہل عالم کو نیک روی کی دعوت دے اور برائی سے روکے۔ بتا دیا ہے کہ اگرچہ ہر مسلمان پر فرض ہے۔ کہ وہ دین حقہ کا بہترین پیرو ہو۔ تاہم تقسیم عمل لازمی ہے۔ اور مسلمانوں میں سے صرف ایک مخصوص جماعت ہی فرض تبلیغ کو کما حقہ ادا کر سکتی ہے۔ یعنی یہ کبھی ممکن نہیں۔ کہ اسلام ہر مسلمان سے یہ توقع رکھے کہ وہ اپنی ملت کی تمدنی، معاشرتی، اخلاقی، سیاسی اور مذہبی بہبودی کے لئے بہ یک وقت مصروف عمل ہو بلکہ

Marfat.com

لازم ہے کہ ان سب امور کیلئے مختلف جماعتیں میدان عمل میں مصروف سعی ہوں۔

بنابریں راقم الحروف نے جب اول اول خدمت ملت کیلئے میدان میں قدم رکھا تو اپنی طبعیت کی افتاد کے باعث شریعت حقہ کے شعبۂ سیاسیات کو اپنے لئے چن لیا۔ راقم الحروف کبھی اس رائے کی تائید نہیں کر سکا۔ کہ سیاست اور مذہب جدا جدا ہیں۔ یہ خیال صرف ان لوگوں کا ہے جو سیاسیات کو فریب کاری۔ شعبدہ بازی اور دروغ بافی کا مرادف سمجھتے ہیں۔ لیکن ایسی سیاست کفار کو مبارک ہو۔ مسلمان کی سیاست حق پژدہی حق گوئی اور حق پروری پر مبنی ہے۔ جو عین اسلام ہے۔ مسلمان سیاست کے میدان میں بھی کسی کو دھوکا نہیں دے سکتا۔ اس کا دین اسے اس قسم کی ننگ انسانیت فریب کاری سے روکتا ہے۔ لہذا ایک سچا مسلمان سیاست میں بھی دنیائے باطل پرست کو حق پروری کا عملی سبق دیتا ہے۔

سیاست اخبار کے اوراق اس بات کے شاہد ہیں۔ کہ ہمیشہ میری ذاتی تگ و دو اور میری تحریر و تقریر کا دائرہ صرف سیاسیات تک محدود رہا ہے۔ گاہے گاہے مسلمانوں کی معاشرتی اخلاقی اور دینی ضروریات کی طرف بھی تابہ امکان خود توجہ کی گئی۔ لیکن وہ بھی اسوقت اور ایسی حالت میں کہ ملک کی سیاسی حالت نے اس ضرورت کو غیر معمولی اہمیت دیدی ہو۔ مثلاً زمانہ ارتداد میں سیاست نے وہ خدمت کی جس کا ہر مسلمان قائل و معترف ہے۔ تبلیغی جماعتوں نے اس کو استحسان و تشکر کی نظر سے دیکھا۔ اسوقت سیاسیات کا تقاضا بھی یہی تھا کہ تمام کاموں کو چھوڑ کر فتنہ ارتداد کا قلع قمع کیا جائے

اس طویل تمہید سے مقصود صرف اس حقیقت کا اظہار ہے۔ کہ سیاست ایک سیاسی اخبار تھا۔ سیاسی اخبار ہے۔ اور سیاسی اخبار رہے گا۔ لہذا یہ کبھی شیعہ۔ سنی۔ حنفی۔ وہابی۔ اہل حدیث۔ اہل قرآن۔ چکڑالوی اور مرزائی وغیرہا کی بحث میں نہیں پڑا۔ اور نہ اب اس میں پڑنا چاہتا ہے۔ شائد کہا جائے کہ ابن سعود کی مخالفت کے زمانہ میں ہم حنفی وہابی کی بحث میں پڑ چکے ہیں یہ صحیح ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے۔ کہ فتنہ حجاز ایک سیاسی فتنہ تھا۔ ابن سعود نے جو کچھ کیا وہ مداخلت فی الدین تھی۔ اور اگر اس کو روا رکھا جاتا۔ تو چونکہ ممالک اسلام کا بیشتر حصہ غیر مسلم حکومتوں کے

Marfat.com

زیر نگین ہے۔ لہذا ان غیر مسلم حکومتوں کو مداخلت فی الدین کا بہانہ مل جاتا۔ ہماری مخالفت ابن سعود اسی سیاسی مصلحت پر مبنی تھی۔ اور ہم بفضل تعالےٰ اس میں کامیاب ہوئے۔ اسلئے کہ اسی ابن سعود نے مجبور ہو کر خود منہدم شدہ مقابر و معابد کی حفاظت کا سامان کیا اور اگرچہ جو کچھ اب تک ہوا ہے۔ وہ کافی نہیں تاہم ایسے کٹر وہابی بادشاہ کا اس ضرورت کو تسلیم کر لینا۔ کہ اسے رعایا کے عقائد کے خلاف کچھ نہیں کرنا چاہیے۔ بجائے خود بہت بڑی کامیابی ہے۔

بہرکیف فتنہ حجاز کے زمانہ میں سیاسیات اسلام کا مقتضا و اہم ترین مطالبہ یہ تھا۔ کہ ابن سعود کو روکا اور ٹوکا جائے۔ ہماری تحریروں کے جواب میں بعض غلط کار حضرات نے ابن سعود کے مظالم کو شریعت کے مطابق ٹھہرا کر ان کے وجوب کی بحث شروع کر دی۔ جس کے جواب میں لازم تھا۔ کہ شرعی دلائل پیش کی جائیں۔ ورنہ ہمیں اسوقت بھی حنفی وہابی بحث میں پڑنا گوارا نہ تھا۔ اور جونہی وہ ضرورت پوری ہو گئی ہم اس مبحث سے بالکل علیحدہ ہو گئے۔ اور ہمارا دعویٰ ہے۔ کہ سیاست میں اس کے بعد ایک لفظ بھی ایسا شائع نہیں ہوا۔ جو کسی اہل حدیث بھائی پر گراں گذر سکتا ہو۔

(۲)

الغرض میری دانست میں ہر ذی ہوش انسان تسلیم کرے گا۔ کہ مذہبی مباحث کیلئے علیحدہ رسالوں یا ہفتہ وار اخباروں کی ضرورت ہے۔ روزانہ سیاسی اخبار اس بار گراں کے متحمل نہیں ہو سکتے۔ اور پھر مجھے اپنی علمی فرومایگی کا بھی اعتراف ہے۔ بی اے پاس کر لینا ایک بات ہے۔ اور بی۔ اے کے طلباء کو پڑھانا بالکل دوسری چیز ہے۔ اگر کوئی گریجوایٹ کسی موقعہ پر بی۔ اے کلاس کے کسی متعلم کو کوئی معمہ سمجھا نہ سکے۔ تو اس پر یہ اعتراض کرنا۔ کہ تم نے بی اے پاس کیسے کیا تھا۔ جہالت ہے۔ اسی طرح مسلمان ہونا ایک بات ہے۔ اور اسلام کی تعلیم دینے کے قابل ہونا بالکل دوسری شے ہے۔ مسلمان تو ایک جاہل مطلق انسان بھی ہو سکتا ہے لیکن مبلغ کے لئے قرآن مجید حدیث پاک اور فقہ شریف سے آگاہ ہونا بہت ضروری ہے جاہل

Marfat.com

ذہبی۔ ہر تعلیم یافتہ مسلمان بھی یہ دعویٰ نہیں کرسکتا۔ کہ وہ پیچیدہ مذہبی مسائل پر بحث بھی کرسکتا ہے۔ تعجب کی بات ہے۔ کہ طب کا تعلق بدن سے ہے۔ تاہم طبیب کے سوا کبھی کوئی کسی عالم کے پاس یہ سوال لے کر نہیں گیا۔ کہ مجھے فلاں شکایت ہے۔ اسکی تشخیص کر کے نسخہ لکھدیجئے پھر کیا وجہ ہے کہ علم دین کو جو یقیناً زیادہ گہرا اور بہت زیادہ توجہ کا طالب ہے۔ بچوں کا کھیل بنا لیا جاتا ہے۔ اور ہر کہ ومہ سے مسائل دینی پر رائے لی جاتی ہے۔ اور ہر شد بود جاننے والا انسان دین حقہ کے مسائل دقیقہ کے متعلق بے باکی سے بحث کرنے لگتا ہے۔ جو شخص معمولی زکام کا علاج بتانے سے اس لئے گریز کرتا ہے۔ کہ اس نے طب کی تعلیم حاصل نہیں کی۔ وہ پیدائش و وفات مسیح علیہ السلام کے ایسے مسائل پر نہایت دریدہ دہنی سے اظہار خیال کرنے لگتا ہے اگر ہم مسلمان یہ سمجھ لیں۔ کہ اپنی تسلی کے لئے کسی عقیدہ کی کنہ سے واقف ہونے اور اس عقیدہ کی مین میکھ سمجھانے کے قابل ہونے میں بعد المشرقین ہے۔ تو یقیناً مسلمانوں میں جو تفرقہ اور عناد موجود ہے۔ یہ اگر بالکل مٹ نہ جائے تو بہت کچھ کم ضرور ہو جائے۔ لیکن ہماری یہ حالت ہے۔ کہ ہم ٹین ساز ہوتے ہوئے شیخ الاسلام کے عقائد پر حرف رکھنے اور ان سے بحث کرنے کو تیار ہو جاتے ہیں۔ مذہب حقہ کے معاملہ میں اس شوخ چشمی کا نتیجہ یہ ہے۔ کہ ہمارے نوجوان گمراہ کن اغیار کے دام میں پھنس جاتے ہیں۔ ہم ہر معاملہ میں زبان کو قابو میں رکھنا اور اسکو لگام دینا جانتے ہیں۔ مگر مذہب اور اس کے مسائل ہمارے لئے گویا بازیچۂ اطفال ہیں۔ اِنّا للہ و اِنّا الیہ راجعون۔

اس گناہ کے سب سے بڑے مرتکب ہم اخبار نویس ہیں۔ ہم لوگوں کی کیفیت یہ ہے۔ کہ ہم روپے کا چوبارہ کرایہ پر لے کر بیٹھ جاتے ہیں۔ ٹکے کی قلم دوات اور پیسہ کا کاغذ سامنے ہوتا ہے اور ہم اعتراض کرتے ہیں ان فہمیدہ و صاحب مطالعہ حضرات پر جن کا علمی تجربہ بے مثال ہوتا ہے۔ اس سے ہمارے حوصلے بڑھ جاتے ہیں۔ اور ہم آسانی سے کبر و نخوت کا شکار ہو کر خود کو عالم اجل سمجھنے لگتے ہیں۔ اور دنیا کے ہر مسئلہ پر رائے زنی کرنے کے لئے تیار ہو جاتے ہیں نہیں نہیں

Marfat.com

بلکہ ہر مسئلہ کے متعلق اپنی رائے کو صحیح سمجھتے ہیں۔ اور اس کے منکر کو کافر۔ غدار۔ احمق۔ گاڈ دی اور خدا جانے کیا کیا کہنا شروع کر دیتے ہیں۔

میں نہیں کہتا۔ کہ میں ان عیوب سے مبرا ہوں جو میرے ہم پیشہ حضرات کو لاحق ہیں معاذ اللہ! میں تو شاید اس لحاظ سے سب سے بڑا گنہگار ہوں۔ لیکن ہاں! اتنا ضرور ہے۔ کہ مذہب کے معاملہ میں جسارت کرتے ہوئے مجھے خوف معلوم ہوتا رہا ہے۔ اور میں نے حتی المقدور مذہبی بحث سے اجتناب کیا ہے۔ مجھے تسلیم ہے کہ میں نے قرآن شریف پر غور کرنے کی کوشش کی ہے۔ مگر ہر دفعہ اس کے نکات کا حل مجھے منادی دیتا ہے۔ کہ میری جہالت کی کوئی انتہا نہیں۔ حدیث شریف اور فقہ کو میں نے صحیح معنوں میں ہاتھ تک نہیں لگایا۔ میری کیا بساط ۔ کہ مذہبی مناقشات میں پڑوں۔ اور دین کے امور مہمہ پر رائے زنی کروں۔ العیاذ باللہ تعالےٰ۔

میری بدنصیبی ہے کہ مجھے ایک ایسے شخص کا ہم عصر ہونے کا موقعہ ملا ہے۔ جو ہجو گوئی میں کمال رکھتا ہے۔ اور جو لوگوں پر افترا باندھنے انہیں اندھا دھند بدنام کرنے اور ان کے عقائد اور ان کے اصول کار کو بگاڑ کر اور غلط بیان کرنے میں اپنی نظیر نہیں رکھتا۔ میری مراد مولوی ظفر علی صاحب سے ہے۔

مولوی صاحب کو ہر اس مسلمان سے خدا واسطہ کا بیر ہے۔ جو ان کی لیڈری کا قائل نہ ہو۔ اور ہر اخبار نویس مسلمان کے تو وہ خون کے پیاسے ہیں۔ زمانہ تھا۔ کہ سیاسیات میں میری اور ان کی پالیسی ایک تھی۔ یعنی ہم دونوں کانگریسی تھے۔ اس زمانہ میں بھی یہ ناچیز ان کے حملوں سے محفوظ نہ رہا۔ اور اس کے بعد کا تو ذکر ہی کیا۔ موصوف کی زنبیل اتہامات میں سے مجھے جو کچھ انعام میں ملا۔ اس کی مختصر سی فہرست ملاحظہ فرمائیے:۔

**اوّل**۔ یہ جاسوس ہے۔ (یہ اس روز لکھا گیا۔ کہ مجھے بنوں جاتے ہوئے پولیس اور فوج کی ایک کثیر جماعت نے صوبہ سرحد سے خارج کیا تھا)

**دوم**۔ یہ بددیانت ہے (یہ خلافت کمیٹی کے سلسلہ میں کہا گیا۔ اور ایک تحقیقاتی کمیٹی بنائی گئی۔

Marfat.com

نے جو کام کیا۔ اس کی سزا احرار کی طرف سے اسکو یہ ملی ۔ کہ آج ایک وفد نے پنجاب کا ایک دورہ صرف اس غرض سے کیا۔ کہ "سیاست" کا مقاطعہ کرائیں ۔ اور اس میں وہ اول اول بعض مقامات پر کامیاب بھی ہوئے ۔ چنانچہ راولپنڈی میں ہماری اب دوسری ایجنسی جاری ہے اور پہلی صرف اس لئے بند ہوئی ۔ کہ ایجنٹ صاحب ازراہِ نوازش ہمیں قادیانی سمجھتے ہیں ۔ اللہ تعالےٰ ان کو معاف کرے ۔

میں نے اپنے مذکورۃ الصدر دوست سے عرض کیا ۔ کہ یہ غلط بات ہے ۔ کہ سیاست قادیانیوں کے خلاف مذہبی لحاظ سے کچھ لکھنے پر تیار نہیں ۔ آپ کوئی مدلل مضمون لکھکر روانہ کریں ۔ پھر دیکھیں کہ وہ شائع ہوتا ہے یا نہیں ۔ یہی بات ہر الزام دہندہ سے کہی گئی ۔ مگر افسوس! کہ کسی نے کوئی مضمون بھیجکر ہمیں نہ آزمایا پر نہ آزمایا ۔

میں جانتا تھا ۔ کہ میرے خلاف جھوٹا پروپاغندہ جاری ہے ۔ مگر میں نے الزام دہندوں کا اور اپنا معاملہ خدائے دانا و بینا پر چھوڑ رکھا تھا ۔ میں اسکو بزدلی اور کمزوری سمجھتا تھا (اور سمجھتا ہوں) کہ الزام دہندوں کی زبان بند کرنے کے لئے قادیان کے خلاف قلم اٹھاؤں ۔ اور میں نے ہرگز ہرگز اب بھی اس خیال سے قلم نہیں اٹھایا ۔ کہ خود کو اس الزام سے بری الذمہ ثابت کروں ۔ ایسے لوگوں کے جواب میں تو اللہ تعالےٰ کے قرآن پاک کی یہ وعید کافی ہے کہ

اِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ اِثْمٌ

تاہم اتنا عرض کرنا ضروری معلوم ہوتا ہے ۔ کہ یہ اتہام اس قدر پھیلا کہ یہ بات کسی مہربان نے قبلہ عالم محدث علی پور شریف کے کانوں تک بھی پہنچائی اور میرے علم ولقین کے مطابق انہوں نے کسی حد تک اس پر اعتماد کیا ۔ مگر خدا بہتر جانتا ہے کہ کیوں مجھ سے استصواب کئے اور میرے کچھ عرض کئے بغیر انہوں نے یہ رائے بدل لی ۔ جس کیلئے میں ممدوح کا شکر گذار ہوں ۔

مگر اس پروپاغندہ کو سب سے زیادہ امداد میرے ایک امرتسری دوست سے ملی ۔ جو میدان صحیفہ نگاری کے ناکام پہلوان بھی ہیں ۔ میری آخری قید کے زمانہ میں یہ ازراہ نوازش میری

Marfat.com

خاطر سے پشاور اور کلکتہ تک پہنچے۔ اور اللہ تعالیٰ نے مجھے بھی یہ توفیق دی۔ کہ میں نے انہیں ایک اچھا روزگار دلوایا۔ اور ان کے بہنوئی کا گلا اپنے ایک لاہوری دوست کی امداد سے پھانسی کی رسی سے بچا دیا۔ انہوں نے ایک مرزائی کے اس احسان کو تو قبول کیا۔ لیکن اس کے بہت جلد بعد مجھ سے بگڑ بیٹھے۔ اس لئے کہ انہوں نے قرآن پاک کی متذکرہ صدر وعید کو بھلا دیا اور مجھے خواہ مخواہ قادیانی سمجھنے لگے۔ اور یقیناً اب بھی وہ اسی ہٹ پہ قائم ہیں۔ اللہ تعالےٰ انہیں ہدایت دے۔ آمین۔

واقعہ یہ ہے۔ کہ یہ صاحب قادیانیوں کی مخالفت میں ضد۔ ہٹ اور بے انصافی کو جائز سمجھتے ہیں۔ ایک مرتبہ ان کی رگ مخالفت میں بہت زیادہ تحریک پیدا ہوئی۔ اور آپ میرے پاس چند مطالبات لیکر آئے۔ ان کے مطالبات یہ تھے:۔

اوّل۔ چودھری ظفر اللہ خاں صاحب کی حمایت سے باز آؤ (وہ اس زمانہ میں سر فضل حسین صاحب کی جگہ کام کرنے کے بعد دوسری گول میز کانفرنس کے لئے نمائندہ منتخب ہوئے تھے۔ اور "سیاست" نے ان کے انتخاب کی تائید کی تھی)

دوم۔ کشمیر کمیٹی سے تعلق توڑ کر احرار کی مدد کرو۔

سوم۔ اخبار "مباہلہ" امرتسر کے مالکوں کی مدد کرو۔

چہارم۔ مباہلہ کانفرنس میں شرکت کرو۔

چودھری صاحب کے متعلق میں نے ان سے عرض کیا۔ کہ بدنصیبی سے سر فضل حسین صاحب کے بعد پنجاب میں چودھری صاحب سے بہتر نمائندہ اس کام کے لئے جو لندن میں ہونیوالا ہے ملنا محال ہے۔ لیکن اگر آپ کو ان کی مخالفت منظور ہے۔ تو چونکہ وہ سر فضل حسین کی جگہ تعینات ہونے کے باعث پنجاب کونسل سے مستعفی ہوگئے ہیں۔ اور بدیں وجہ ان کیلئے دوبارہ منتخب ہو کر آنا ضروری ہے۔ لہذا بہتر ہے۔ کہ آپ کسی صحیح العقیدہ آدمی کو انکے مقابلہ پر کھڑا کریں۔ میں قلم اور زبان سے آپ کی مدد کروں گا۔ انہیں اگر شکست ہوئی۔

Marfat.com

تو نہ وہ کونسل میں ہوں گے۔ اور نہ ان کے لندن جانے کا قصہ پیدا ہی ہوگا نہ سر ہوگا نہ درد سر۔ لیکن مولوی صاحب اس عملی مخالفت سے کانوں پر ہاتھ رکھنے لگے۔ ان کی مخالفت کا سرمایہ صرف یہ تھا۔ کہ قادیانیوں کو برا بھلا کہا جائے۔

میں نے ان سے عرض کیا۔ کہ اللہ تعالےٰ کی مصلحتوں سے کوئی انسان آگاہ نہیں ہو سکتا اسکی قدرت کے قربان جائیے۔ کہ اس نے تحفظ حقوق کی تحریک کے سلسلہ میں ملت مرحومہ کے لئے ان لوگوں سے کام لیا ہے۔ جو کسی صورت میں بھی سچے مسلمان نہیں ہو سکتے۔ مثلاً آغا خاں کہ وہ خود خدا بنتے ہیں۔ لہذا اسلام سے انہیں دور کا تعلق بھی نہیں۔ مسٹر جناح کہ آغا خاں کے مرید ہیں اور نماز روزہ کے قریب نہیں پھٹکتے۔ چودھری ظفر اللہ خاں کہ قادیانی ہیں اور اور بھی ایسی مثالیں موجود ہیں۔ لیکن انہی پر اکتفا کرنا چاہیے۔ کہ اس سے میرا مقصود واضح ہو جاتا ہے۔ لیکن مولوی صاحب پر اس دلیل کا کوئی اثر نہیں ہوا۔

احرار کے معاملہ میں مولوی صاحب کے مشورہ پر عمل کرنا میرے لئے ممکن نہ تھا مولوی صاحب خود جماعت احرار میں شامل ہو کر اپنے شہر کی جماعت کے ڈکٹیٹر بنے۔ ان سے پہلے کئی ڈکٹیٹر قید ہو چکے تھے۔ مگر مولوی صاحب کو خدا نے جیل سے محفوظ رکھا۔ اور اس کے بعد جماعت کے متعلق ان کی تمام سرگرمیوں کا کچھ اس طرح سے خاتمہ ہو گیا۔ کہ ان کا نام تک کبھی سننے میں نہیں آیا۔ اس سے پہلے انکی تقریروں سے پنجاب بھر گونجتا رہتا تھا۔

مباہلہ والوں کے متعلق میں نے ان سے عرض کیا۔ کہ وہ مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب پر بدچلنی کا الزام لگاتے ہیں۔ کسی شریف آدمی پر ایسا مکروہ الزام لگانے سے قبل میں اس کا ثبوت چاہتا ہوں۔ فرمانے لگے کہ کیا ثبوت پیش کریں۔ میں نے کہا۔ کوئی ثبوت جو موجود ہو پیش کر کے میری تسلی کر دیجئے۔ کہ یہ الزام حقیقت پر مبنی ہے۔ میں خدا وند برتر و بینا کو ضامن دیکر عہد کرتا ہوں کہ میں مباہلہ والوں سے کہیں زیادہ مرزا صاحب کی مخالفت کروں گا۔ لیکن مولوی صاحب

Marfat.com

حضرت مسیح موعود (یعنی مرزا صاحب) نے فرمایا۔ کہ آج اللہ تعالےٰ نے میرا ایک اور نام رکھا ہے۔ جو پہلے کبھی سُنا بھی نہیں۔ تھوڑی سی غنودگی ہوئی اور یہ الہام ہوا۔ کہ

تمہارا نام محمد مفلح رکھا گیا ہے۔

## ۱۴۔ مجدّد ہونے کا دعویٰ

آپ کتاب نشان آسمانی صفحہ ۳۴ پر لکھتے ہیں۔ کہ :۔

اس عاجز کو دعوے مجدد ہونے پر اب بفضلہ تعالیٰ گیارھواں برس جاتا ہے۔

اور درثمین فارسی صفحہ ۱۲۲ پر فرماتے ہیں ؎

رسید مژدہ ز غیبم کہ من ہماں مردم ✽ کہ او مجدد ایں دین و رہنما باشد

## ۱۵۔ محدّث ہونے کا دعویٰ

حمامۃ البشریٰ صفحہ ۹۷ پر آپ لکھتے ہیں۔ کہ میں محدث ہوں۔ نیز توضیح مرام صفحہ ۱۹ اپر بھی یہ دعویٰ موجود ہے۔

## ۱۶۔ مہدی ہونے کا دعویٰ

معیار الاجتہاد میں مرزا صاحب صفحہ گیارہ پر لکھتے ہیں :۔

"میں مہدی ہوں"

## ۱۷۔ جزوی وظلی نبی ہونے کا دعویٰ

تحفہ گولڑویہ کے صفحہ ۱۰۱ پر آپ نے بروزی نبی ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ اور اسی طرح ظلی اور جزوی نبی ہونے کا دعویٰ آپ نے توضیح مرام کے صفحہ ۱۹ ا پر بھی کیا ہے۔

## ۱۸۔ صور ہونے کا دعویٰ

چشمہ معرفت کا صفحہ ۷۶ ملاحظہ فرمایئے تو اس میں لکھا ہے۔ کہ :۔

اس جگہ صور کے لفظ سے مراد

مسیح موعود ہیں۔

Marfat.com

ایک جگہ فرمایا :۔

"میں وہ تھیلہ ہوں۔کہ جس میں تمام نبی بھرے پڑے ہیں (ظاہر ہے کہ تمام میں محمد صلعم بھی شامل ہیں۔مصنف)

براہین احمدیہ حصہ پنجم میں صفحہ ۹۰ پر ارشاد ہوتا ہے۔

"اس زمانہ میں خدا نے چاہا کہ جس قدر راستباز اور مقدس نبی گذر چکے ہیں۔ایک ہی شخص کے وجود میں ان کے نمونے ظاہر کئے جائیں۔سو وہ میں ہوں"

معیار الاخیار کے صفحہ ۱۱ پر لکھتے ہیں :۔

"میں وہی مہدی ہوں جس کی نسبت ابن سیرین سے سوال کیا گیا کہ وہ حضرت ابوبکر کے درجہ پر ہے۔تو انہوں نے جواب دیا کہ ابوبکر تو کیا۔ وہ تو بعض انبیاء سے بہتر ہے"

البشریٰ جلد دوم صفحہ ۱۰۹ میں مرزا صاحب کا اپنی شان میں ایک الہامی شعر درج ہے۔ملاحظہ ہو ؎

مقام او مبیں از راہ تحقیر ✦ بدورانش رسولاں ناز کردند

دافع البلاء صفحہ ۲۰ پر شعر ہے ؎

ابن مریم کے ذکر کو چھوڑو ✦ اس سے بہتر غلام احمد ہے

اسی کتاب کے صفحہ ۱۳ پر لکھتے ہیں کہ :۔

"اے عیسائی مشنریو ابن المسیح مت کہو۔دیکھو آج تم میں ایک ہے جو اس مسیح سے بڑھکر ہے"

ازالہ اوہام کے صفحہ ۱۵۸ پر لکھا ہے۔ ؎

اینک منم کہ حسب بشارات آمدم ✦ عیسیٰ کجاست تا بنہد پا بمنبرم

حقیقۃ الوحی صفحہ ۱۰۸ پر لکھا ہے :۔

"مجھے قسم ہے اس ذات کی۔جس کے ہاتھ میں میری جان ہے کہ اگر مسیح ابن مریم میرے زمانہ میں ہوتا۔تو وہ کام جو میں کر سکتا ہوں۔ہرگز نہ کر سکتا۔اور وہ نشان جو مجھ سے ظاہر ہو رہے ہیں۔وہ ہرگز نہ دکھا سکتا"

Marfat.com

# صلائے عام ہے یاران نکتہ داں کیلئے

# روزنامۂ سیاست لاہور پڑھا کیجے

## کیوں؟

اس لئے کہ اس میں ہندوستان اور غیر ممالک کی خبریں نہایت اہتمام سے تازہ بتازہ شائع ہوتی ہیں۔

اس لئے کہ اس میں عالم اسلام کے وہ حالات شائع ہوتے ہیں۔ جو ہندوستان کے کسی زبان کے اخبار میں نہیں ملتے۔

اس لئے کہ اس میں آزادانہ اظہار رائے کیا جاتا ہے۔ اور اس لحاظ سے خدا کے خوف کے سوا یہ اخبار ہر ایک کے خوف سے بالا تر ہے۔ حکومت بیسیوں مقدمے چلا چکی۔ ہزاروں روپے جرمانہ اور ضبطی ضمانت کی صورت میں وصول کر چکی۔ مگر یہ اخبار اس سے دب نہیں سکا۔ امراء۔ خان بہادر۔ سر۔ نواب۔ راجے اور مہاراجے تحریص یا تخویف سے اس اخبار کو اپنا نہیں بنا سکے۔ اس نے ہمیشہ حق اور صرف حق کی حمایت کی۔ عوام نے گمراہی اختیار کی۔ تو اس اخبار نے مقاطعہ۔ قلت فروخت اور سب و شتم سے بے نیاز ہو کر انہیں راہ مستقیم دکھائی۔ حجاز کے معاملہ میں نہرو رپورٹ کے قضیہ میں گاندھی جی کی سول نافرمانی کے مسئلہ میں سیاست کی رائے اس قدر صحیح ثابت ہوئی۔ کہ اس کے مخالف بھی آج اسی کی روش اختیار کر چکے اور کر رہے ہیں۔ گالیاں کھا کر بن کر بدنام ہو کر بھی اس اخبار نے مسلمانوں کے حقوق کے لئے جنگ کی۔ اور کامیاب رہا۔ اس کو گالیاں دینے والے مدعیان انتخاب مخلوط بھی آج اس کے ہم نوا بن کر اس کی اصابت رائے کا ڈنکا بجا رہے ہیں۔ ذالک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء۔

نہرو رپورٹ کے خلاف چالیس نکات۔ سفر افغانستان کے حالات۔ اسلامی ریاست چترال کے مناظر اور قادیان کے عیوب کو مولانا سید حبیب مصنف کتاب ہذا نے اپنے خاص انداز میں لکھا۔ ہر موقع پر سخن شناس حضرات نے انکے انداز بیان طرز تحریر استدلال اور واقفیت کی داد دی۔ ہر موقع پر وہ لوگ پشیمان ہوئے جنہوں نے ابتداءً کسی مضمون کو نہ دیکھا اور پھر اس کی شہرت ہونے پر اخبار کو خرید کیا۔ اب مولانا ممدوح نوشیروان عادل کے جانشین واحد خان بہادر مہاراج بہادر نواب محمد حبیب اللہ خاں دام اقبالہ کی ریاست خاران کے حالات حوالہ قرطاس کر رہے ہیں۔ اور ... صاحب موصوف ہر روز کسی تاریخی سلسلہ پر ایک مضمون اپنے قلم سے لکھا کریں گے۔

المشتہر۔

## (سید) عنایت شاہ، مہتمم اعلیٰ روزنامہ سیاست لاہور

(مقبول عام پریس لاہور)

Marfat.com

# صلائے عام ہے یاران نکتہ داں کے لیے

# روزنامہ سیاست لاہور پڑھا کیجیے

## کیوں؟

اس لئے کہ اس میں ہندوستان اور غیر ممالک کی خبریں نہایت اہتمام سے تازہ بتازہ شائع ہو...

اس لئے کہ اس میں عالم اسلام کے وہ حالات شائع ہوتے ہیں۔ جو ہندوستان کے کسی زبان
اخبار میں نہیں ملتے۔

اس لئے کہ اس میں آزادانہ اظہار رائے کیا جاتا ہے۔ اور اس لحاظ سے خدا کے خوف کے سوا یہ اخبار ...
کے خوف سے بالاتر ہے۔ حکومت بیسیوں مقدمے چلا چکی۔ ہزاروں روپے جرمانہ اور ضبطی ضمانت کی صورت ...
وصول کر چکی۔ مگر یہ اخبار اس سے دب نہیں سکا۔ امراء۔ خان بہادر۔ سر۔ نواب۔ راجے اور مہاراجے ...
یا تحریص سے اس اخبار کو اپنا نہیں بنا سکے۔ اس نے ہمیشہ حق اور صرف حق کی حمایت کی۔ عوام ...
گمراہی اختیار کی۔ تو اس اخبار نے مقاطعہ۔ قلت فروخت اور سب و شتم سے بے نیاز ہو کر انہیں راہ مستقیم دکھائی۔
حجاز کے معاملہ میں نہرو رپورٹ کے قضیہ میں گاندھی جی کی سول نافرمانی کے مسئلہ میں سیاست کی را...
اس قدر صحیح ثابت ہوئی۔ کہ اس کے مخالف بھی آج اسی کی روش اختیار کر چکے اور کر رہے ہیں۔ گالیاں کھا کر ...
بن کر بدنام ہو کر بھی اس اخبار نے مسلمانوں کے حقوق کے لئے جنگ کی۔ اور کامیاب رہا۔ اس کو گالیاں دینے
والے مدعیان انتخاب مخلوط بھی آج اس کے ہم نوا بن کر اس کی اصابت رائے کا ڈنکا بجا رہے ہیں۔ ذالک
فضل اللہ یؤتیہ من یشاء۔

نہرو رپورٹ کے خلاف چالیس نکات۔ سفر افغانستان کے حالات۔ اسلامی ریاست چترال کے مناظر ...
... قادیان کے عیوب کو مولانا سید حبیب مصنف کتاب ہذا نے اپنے خاص انداز میں لکھا۔ ہر موقع پر سخن شناس
حضرات نے ان کے انداز بیان طرز تحریر استدلال اور واقفیت کی داد دی۔ ہر موقع پر وہ لوگ پشیمان ہوئے جنہوں
نے ابتداً کسی مضمون کو نہ دیکھا اور جب اس کی شہرت ہونے پر اخبار کو خرید کیا۔ اب مولانا ممدوح نوشیرواں عادل
کے جانشین واحد خان بہادر سردار بہادر نواب محمد حبیب اللہ خاں دام اقبالہ کی ریاست خاران کے حالات
حوالہ قرطاس کر رہے ہیں۔ ... موصوف ہر روز کسی تاریخی سلسلہ پر ایک مضمون اپنے قلم سے
لکھا کریں گے۔

المشتہر۔

# رسید، عنایت شاہ، مہتمم اعلیٰ روزنامہ سیاست لاہور

(مقبول عام پریس لاہور)


Marfat.com

